SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Friday, March 10, 2006

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at twenty five minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Mr. Mohammedmian Soomro) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یآ یھا الذین امنوا لا تتخذوا اباء کم و اخوانکم اولیا ان استتجوا الکفر علی الایمان و من یتولھم منکم فاولئیک ھم اظلمون ۰ قل ان کان اباؤ کم و ابنآؤ کم و اخوانکم و ازواجکم و عشیر تکم و اموال اقتر فتموھا و تجارۃ تخشون کسا دھا و مسکن ترضو نھا احب الیکم من اللہ و رسولہ و جھاد فی سبیلہ فتربصوا حتیٰ یاتی اللہ بامرہ و اللہ لایھدی القوم الفسقین ۰

ترجمہ. اے ایمان والو! اگر تمہارے ماں باپ اور (بہن) بھائی ایمان کے مقابل کفر کو پسند کریں تو ان سے دوستی نہ رکھو اور جو ان سے دوستی رکھیں گے وہ ظالم ہیں۔ کہہ دو کہ اگر تمہارے باپ اور بیٹے اور بھائی اور

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Friday, March 10, 2006

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at twenty five minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Mr. Mohammedmian Soomro) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یآ یھا الذین امنوا لا تتخذوا اباء کم و اخوانکم اولیا ان استتجوا الکفر علی الایمان و من یتولھم منکم فاولئیک ھم اظلمون ۰ قل ان کان اباؤ کم و ابنآؤ کم و اخوانکم و ازواجکم و عشیر تکم و اموال اقتر فتموھا و تجارۃ تخشون کسا دھا و مسکن ترضو نھا احب الیکم من اللہ و رسولہ و جھاد فی سبیلہ فتربصوا حتیٰ یاتی اللہ بامرہ و اللہ لایھدی القوم الفسقین ۰

ترجمہ. اے ایمان والو! اگر تمہارے ماں باپ اور (بہن) بھائی ایمان کے مقابل کفر کو پسند کریں تو ان سے دوستی نہ رکھو اور جو ان سے دوستی رکھیں گے وہ ظالم ہیں۔ کہہ دو کہ اگر تمہارے باپ اور بیٹے اور بھائی اور

عورتیں اور خاندان کے آدمی اور مال جو تم کماتے ہو اور تجارت جس کے بند ہونے سے ڈرتے ہو اور مکانات جن کو پسند کرتے ہو اللہ اور اس کے رسول(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے سے، تمہیں زیادہ عزیز ہوں تو ٹھہرے رہو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم(یعنی عذاب) بھیجے اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا۔

(سورۃ توبہ آیات ۲۴-۲۳)

PANEL OF PRESIDING OFFICERS

جناب چیئرمین، جزاک اللہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللھم صل علی محمد و علیٰ آل محمد۔

Now, I will announce the panel of presiding officers. In pursuance of Sub rule (i) of Rule 14 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, I nominate the following members in order of precedence to form a panel of presiding officers for the 27th session of the Senate of Pakistan.

1 Mr. Naeem Hussain Chattha

2. Bibi Yasmin Shah

3. Mr. Muhammad Azam Khan Swati

I think, there was a consensus to defer the Question Hour amongst the both sides of aisle. Mian Raza Rabbani to move the motion.

Mian Raza Rabbani (Leader of the Opposition): Sir, I beg to move that under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, the requirements of Rule 38 and 76 of the said rules regarding Question Hour and adjournment motions be

dispensed with.

Mr. Chairman: I put the said motion before the House.

(The motion was carried.)

LEAVE OF ABSENCE

Mr. Chairman: The motion is adopted unanimously. Leave application.

جناب ایس ایم ظفر نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر آج مورخہ 10th March کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے، کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

POINT OF ORDER RE: HARRASMENT AND INTIMIDATION OF OPPOSITION MEMBERS OF SINDH ASSEMBLY DURING ELECTION PROCESS

جناب چیئرمین، میاں رضا ربانی صاحب۔

Mian Raza Rabbani: Sir, I would like to bring to the notice of the government and in particular of the Secretary General of the Pakistan Muslim League (Q), through you, the fact that the harassment and intimidation of Opposition members of the Provincial Assembly continues unabated. Sir, it is most unfortunate that on the 6th of March, in the Province of Sindh, when elections were taking place in a peaceful manner for the Senators, special branch was posted at the gate of the polling station which in any case is a violation of the rules of the Election Commission. The job of the special branch was to check physically all the members of the Provincial Assembly and in particular the members of the

Opposition when they were going in to cast their votes. It came to the extent that the hand bags of the lady MPAs were searched and at one stage the special branch people even wanted to carry a body search of some of the lady MPAs belonging to the Opposition. In this heat of the moment, a scuffle broke out and there was tension already between the Press and the members of the special branch who were on duty over there. But as a consequence of this, a scuffle broke out between two or three members of the provincial assembly belonging to the Pakistan Peoples Party and members of the special branch. The members of the special branch, and this is a matter of record the photographs have already been printed, it has been shown on the private television electronic media, the clothes of some of the members of the Provincial Assembly were torn and in that one of the MPAs who happens to be my personal voter, by personal I mean that he was in my panel, Mukaish Chawala whose sister incidently, also has been elected now as a member of Senate of Pakistan and who would be taking oath *Insha Allah* on the 12th of this month, he was manhandled and his clothes were torn. As a consequence of this the matter subsided and polling restarted but in the middle of the night an FIR was registered against him and raids were conducted throughout the length and breadth of Karachi to arrest him and in the morning he had to go with a number of MPAs to the High Court of Sindh where he got an interim bail which has been confirmed till the 20th of next month. His driver and his car are till today missing. Now if this is free and fair elections then there is a lot that can be said. I have brought this to the

notice of this House for the simple reason that this continued intimidation and use of state operatus and state machinery to change loyalties of members of the Provincial Assembly is continuing and I hope that the Secretary General is here, he would take note of this and we condemn this in the strongest possible terms and similar incident happened with Mr. Saleem Khosa of the JWP in the Balochistan Assembly and we condemn all of these incidents.

Mr. Chairman: Yes, Mushahid Sahib.

Senator Mushahid Hussain Sayed: First of all I will like to congratulate Senator Raza Rabbani, honourable leader of the Opposition in the Senate and *Inshaallah* he should continue this position which he virtually deserves for his election and the election of others who have been here. Sir, I have to make it clear that the Pakistan Muslim League is very clear and consistent in its commitment to democracy and opposes any kind of political victimization and I understand that this incident is very unfortunate and regrettable happening after Mr. Mokaish Chawala had already voted for you. The Chief Minister of Sindh who is from the Pakistan Muslim League is a God-fearing CM, I will certainly take up the matter with him and ensure that justice is done and the rule of law prevails and there is no question of any political victimization from our side whether it is the Province of Sindh or the Province of Balochistan. Thank you.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I would like to bring it to the

notice of the Secretary General, the absurdity of the FIR is that Mr. Chawala has been charged with stealing the watch of the Special Branch Officer.

Mr. Chairman: As Mr. Mushahid Hussain said we congratulate our colleagues who have been returned and today is the very significant session because some of our colleagues will be leaving us and *Inshaallah* we will hear their own views but before that there are three small items, I think we have just to lay some reports and then move on to the farewell speeches. Senator Mushahid Hussain you should move Item No.3.

LAYING OF REPORTS OF STANDING COMMITTEES

Senator Mushahid Hussain Sayed: Sir, thank you very much, you have already instructed me to change the vocabulary, now report will henceforth be laid and presented and sir, it gives me great pleasure to present the 10th report of the Senate Foreign Relations Committee and I am very grateful to the members of the Committee who have demonstrated examplary team work combined with homework to make this a very effective Committee. We have a number of firsts to our credit. This is the 10th report pertaining to a recent visit to Japan and South Korea and we have maintained the tradition that whatever we do in the Foreign Relations Committee it should be done in a bipartisan manner, above party politics. We had a six- member delegation, three from the Opposition and three from the Government and sir, this is the first time that in 22 months since the Committee have been functioning we have had

30 events meeting etc., and ten reports, 30 events in 22 months. This is the Parliamentary Committee which opened its hearing to the public and to the press and this is making foreign policy transparent issue, we have developed our own website also. We have developed an internship programme and this is the first Committee also which has been regularly issuing reports. Now, recently I gave a briefing to the media that we will be having media workshops also and regular check sheets and I am very grateful to you personally, Mr. Chairman, that you have given your full support to the committee system especially for the Foreign Relations Committee because this is the essence of the working of the Senate, institutionalization of the committee system and I feel that this report which is being circulated now is important defence of the national interest of Pakistan because we have reached out to two important countries in East Asia, Japan and South Korea with whom we have very strong economical and political ties and these ties need to be developed because Pakistan's foreign policy needs to have a broad based, more multi sensitive approach whether it is Europe, whether it is Africa and whether it is East Asia. I would again like to thank all my members those from the government and those from the opposition for their cooperation and we look forward when these committees are reconstituted and I would appeal to you further they should be reconstituted as soon as possible so, that the effectiveness of the Upper House, effectiveness of the democratic process and the effectiveness of accountability of the government which is done through the committee system is reinforced. Thank you.

Mr. Chairman: I think it is very correct that these committees should continue unhampered and *Insha Allah* I think it is up to the House that should be done and we appreciate very much the efforts that have been putting by you and your colleagues. The regular reports are indeed very good in quality and full of guidance. Ranjha sahib you want to say something on this.

Senator Dr. Khalid Ranjha: Let Mr. Mushahid for his conscientiousness and I will again request that let us keep the nomenclature of report being laid. At least he says, should lay on the table. Today he said it will not be laid, he had laid it.

Mr. Chairman : I think, he has presented it.

Senator Dr. Khalid Ranjah: That I will appreciate, I wish all the Chairmen of the committees who likewise and his work is most commendable. Thank You very much.

Mr. Chairman : The report stands laid. Agha Sahib, item No. 4.

سینیٹر کامل علی آغا (وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور) ۔ جناب چیئرمین! اس سے پہلے کہ میں اپنی کمیٹی، سٹینڈنگ کمیٹی برائے ریلوے، کمیونیکیشن کی رپورٹ اس معزز ہاؤس کے سامنے پیش کروں، میں appreciate کرتا ہوں سیکرٹری جنرل پاکستان مسلم لیگ جناب مشاہد حسین صاحب کو جنہوں نے ہمیشہ بڑی توجہ کے ساتھ اپنی سٹینڈنگ کمیٹی کی activity جاری رکھی، اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے ہاؤس کو بھی اعتماد میں لیا اور تمام reports بالترتیب ہاؤس میں پیش کیں۔ آپ یقین کریں کہ ان reports کو پڑھ کر بہت فائدہ حاصل ہوا۔ مجھے اس سے education ملی۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم سب نے اپنی اپنی کوشش کی اپنی کمیٹیوں کے اندر لیکن جتنی جدت اور کوشش کے ساتھ جناب مشاہد حسین صاحب نے reports پیش کی

ہیں میں ان کو appreciate کرتا ہوں۔ جناب چیئرمین! جو میری کمیٹی کی رپورٹس ہیں وہ دو ہیں۔ ایک جلد اول ہے اور ایک جلد دوم ہے۔ اس میں چونکہ دو منسٹریاں ہیں' ایک ریلوے اور ایک communications تو میں اس پر بڑا شکریہ ادا کرتا ہوں وزراء صاحبان کا' دونوں منسٹریوں کا' انہوں نے ہماری کمیٹی میں بڑی توجہ دی اور تمام معاملات اور issues جو اس ہاؤس کی طرف سے ہمیں بھیجے گئے ان کو resolve کر کے ان کی تجاویز ہم نے منسٹری کو دیں اور ان کا تعاون ہمارے ساتھ شامل رہا۔ جناب چیئرمین! میں یہاں پر یہ بتاتا چلوں کہ منسٹریوں نے جس حد تک تعاون کیا میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک انتہاء تھی۔ ان کے پاس اس معزز ہاؤس کی طرف سے جو بھی معاملات refer کئے گئے ان پر جو تجاویز سٹینڈنگ کمیٹی نے بنائی اور پیش کی ہیں اس میں منسٹریوں کا تعاون انتہاء درجے کا تھا۔ میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور ممبران کمیٹی کا بھی جنہوں نے اتنی توجہ کے ساتھ تعاون کیا۔ میں نے تمام کمیٹیوں کی حاضری چیک کی ہے' جو ہماری کمیٹی ہے اس میں حاضری بھی maximum رہی۔ ممبران نے بہت توجہ دی' میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس تمام عملے کا بھی جو سینیٹ سیکرٹریٹ کا عملہ ہے جنہوں نے بہت دل چسپی کے ساتھ ہم سے تعاون کیا۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Agha sahib, thank you and we compliment you and your colleagues and I saw some drafts of the reports, they are indeed very comprehensive, well done.

Senator Kamil Ali Agha: Thank you sir.

Mr. Chairman: The reports stand presented. We will go to item No. 5 Senator Nisar Memon.

Senator Nisar A. Memon: Thank you Mr. Chairman, it is a great pleasure for me to present the report of the Defence and Defence Production Committee here. I must congratulate Senator Mushahid Hussain Sayed and it was a great pleasure to be part of this Committee, of

a very dynamic committee. So, my congratulations to him and also I take this opportunity to thank you Mr. Chairman, for the support of your Secretariat extended to me during the entire course of deliberations of the 15 meetings that we had since December, 2004 and this is when the Committee was reconstituted and I was elected to be the Chairman of the Committee. Since then we had these meetings, we have listed the meetings and the general agenda of the meetings without giving the minutes of the meeting but those minutes of the meeting, for any member of the House interested will be available from the Secretariat to them.

In addition to that I also want to thank two Secretaries of the Committees because the half way through the Committee secretaries got changed. I want to thank both of them for their continued support but over all I want to thank all my members for being very kind and very supportive in their deliberations, their attendance and their thoughtful participation. I must say, this is the Committee which one felt, although it was a very sensitive Committee, one may not have gone on to the press so much but the fact that all of these subjects were brought in the press in one form or the other indicate that the openness was there. My thanks to all the members particularly those of the members from the Opposition for the very valuable contribution they made and that is the strength of the democracy that we have foresight, we have over sight of the ministries by the Parliamentary Committee which was very effectively done and I think, it could have been sometime inconvenience or uncomfortable for the Government but I think the Government also accepted the Parliamentary

supremacy and the two ministers Rao sahib and Zahid sahib very religiously attended all the meetings. Therefore, I am grateful to them also and to the members and I must thank to my own Secretariat staff of the Committee who worked very hard on it.

I must say in addition to these, there were two visits we made, one of the visit was relating to the Pakistan Ordnance Factory which is relating to the Production Ministry. The second one was relating to the airforce, there was PAF Masroor Base visit where we had hallmark 2005 which we witnessed the air excercises. I think in addition we had planned for Gwadar and Ormara Dockyard and Siachen but unfortunately because of the lack of enough number of members, those we did not materialize. But I want to thank you for the support everybody extended.

In addition to that I must say that the Defence Policy remains very clearly laid down here that it is the defensive deterrance policy there and in the history, I am told that for the first time Defence Policy of the Government of Pakistan was presented to the Defence Committee by the concerned Ministry. This document was the same document which was approved by the President of Pakistan and by the Cabinet and shared with the Cabinet, the same document was shared by the Committee ard that is one of the, I think, positive thing that even the Defence which we always say sensitive, these sensitivities are there but yet the sharing of the information is there. We also agreed with the Ministry then that in the next policy that they will develop, they will present prior to finalizing it with the Committee so that any views of the Committee that may be there could be

incorporated in it. I think, we also are grateful to the Defence Ministry that they presented not only Defence Policy, Defence procurement process was presented and there were some questions by our friends in a Committee and they were very ably answered and from that we moved on to the Defence Production, we saw all the Defence Production record, some other details of the Defence Production are in the report. In addition to that Civil Aviation was presented and DHA was also presented because there are lot of Defence Housing Authorities in Pakistan. So, we covered in all these. I would say 15 months all of these we did not go for the reports earliar because we thought some of the material can not be presented, form the report. However, I think we will be working together with the Ministry, now that the confidence building exercise for the 15 months have been there with the executive branch, with the legislative, we see a greater hope in this. I must say last but not the least PIA consumed quite a bit of our time because it is of the public concern, it is a public organization and government's organization and there were lot of meetings and I must say the members brought in the concerns of the citizens who are travelling with the PIA and those were answered some satisfactorily, some not. There were times when the information was delayed and they were censored and there were times, the information was not coherent, they were censored for this. I want to thank specially Senator Rukhsana Zuberi for bringing in one of the systems, procurement procedure, the sale procedure of the air buses was not being followed, their own procedure was not followed and that was brought in and we went back to their Board

telling them, advising them that they should pursue their own procedure which they did and as a result of that one transaction saved the treasury 1.3 billion Dollars. So, I want to thank Senator Rukhsana Zuberi who is not here today and in that way there were number of other achievements that our members made. I want to thank them all for the total commitment with which they attended the meetings and I am sure that this Committee will be reconstituted first, so the work may continue. Thank you very much indeed.

Mr. Chairman: Thank you Memon Sahib very much and again complements to you and your colleagues. The Senate Secretariat is at the back and call of all the Committees anytime. We will now go to the speeches by our colleagues who would be leaving us. Since the time is limited and I request everyone to please keep a maximum of four to five minutes. And we will start it with Mr. Farhat Ullah Babar.

FELICITATIONS AND FAREWELL SPEECHES

سینیٹر فرحت اللہ بابر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

I want to thank you most sincerely Mr. Chairman, for giving me the floor for the last time to say for the last time my words and to thank you all. I have no pretentions to claim that I have the last word on truth and wisdom but I do say that whatever I say they come from the last recesses of my heart. Mr. Chairman, this is a transient word, nothing lasts forever, all good things in life including life itself one day comes to an end and so has the first three years term of the Senate, I should first of all like to

congratulate all those colleagues who have been re-elected. I wish them good luck. Mr. Chairman, on occasion like this it is natural to feel sad but I think that there is much more to rejoice and celebrate. There is much more to rejoice and celebrate over what we have been able to do during the last three years. I can say for myself, I am extremely satisfied and have reasons to rejoice that together with all the honourable Senators from this side of the aisle as well as from that side of the aisle we try to promote the cause of the Constitution, democracy, human rights, rule of law and the Federation in accordance with light given to us.

Mr. Chairman, I particularly celebrate over the facts that we have been able also to question, probe and challenge some of the powerful individuals and powerful institutions which until now had not been questioned. I have reasons to celebrate. Mr. Chairman, in rejoicing and celebrating I must say that I am extremely grateful to this honourable House where I learnt many things, there were honourable Senators both men and women from whom we learnt what to say, how to say and when to say, an important lesson of life. I feel indebted to them. Then there were in this very honourable House, honourable Senators again both men and women from whom at least I learnt what not to say, how not to say and when not to say. Again an indispensible lesson of life I am beholding to them. Mr. Chairman, there were also in this august House those honourable Senators who chose to remain silent, not many of them only few but by remaining silent they also make a very powerful political statement over what eventually happened, the debate and the speeches in

the Senate. I acknowledge their silence as a strong political statement. Then Mr. Chairman, there were honourable Senators in this House and I don't know whether I can use the plural for them or singular who when the battle lines were drawn they voted according to their conscious not according to their party lines. I call them the jewels of this House and I salute them. Mr. Chairman, I should also like to acknowledge that there were those honourable Senators who whenever I questioned the role of the strong security apparatus they immediately jumped on their feet and responded like true soldiers. We may or may not agreed with them but they are honourable men, they fought for a cause they held dear. It is possible that in the process of exchanges I must have hurt them, if that is the case I express my regret, regret over any personal hurt passed to them not over the issues raised in this House. Mr. Chairman, I should like to thank also through you the Senate Secretariat staff right from the honourable Secretary to the honourable Naib Qasid. I don't know whether I should compliment them more for their competence and integrity or whether I should compliment them more for their remarkable political neutrality which is the essence of the part of this House. I don't know who has trained them and groomed them in this but whosoever has trained them and groomed them and whosoever is leading them is worthy of our admiration and respect. Mr. Chairman, a special word of thanks to the media, they have been very understanding and very cooperative. My party and the Chairperson of my party taught me to have a dream, my friends in the media lifted me to that dream. I want to thank them.

Mr. Chairman, so far I have refrained from naming any one individual but I think now that I conclude my remarks, I should like to name that individual also to whom I will be beholden, to whom I shall always remain grateful and that is Mr. Chairman, your ownself, there were times when I thought and many of us thought, that you are partisan, that you are stifling the voice of the Opposition, there was even an occassion that once I came into your office and confronted you eye ball to eye ball and nose to nose and an incident which I regret but Mr. Chairman, you more than compensated for that perception when you aked the honourable Finance Minister to come to your Chamber and explain to me, some of the questions that I had raised. Let me also acknowledge Mr. Chairman, on the floor of the House and I will not embarrass you to ask you to admit it and acknowledge it, but I am sure you will not contradict it either because the Senate's record bears on this, there was a time when you came under great pressure to throw me out of the Defence Committee, you nearly came to throw me out of the Defence Committee but then I noticed that you possessed great inner strength, you resisted the pressures, you did not throw me out of the Defence Committee. I am grateful to you Mr. Chairman for this.

Finally Mr. Chairman, I should like to assure you and all the honourable Senators that the end of the tenure is not the end of the purpose. The termination of this term is not the termination of the cause. Sir, now on I may become a stranger to the House but I shall not, shall never be a stranger to the causes and the purposes which we have been

pursuing.

(Thumping of the desks)

Mr. Chairman, the only thing is that those causes and those purposes will be pursued by my colleagues in the Senate in this House while I will be pursuing those causes, those purposes out side the House which is better only God knows. I want to thank you Mr. Chairman and through you thank everybody. Thank you.

(Thumping of the desks)

Mr. Chairman: Thank you Babar sahib, Mr. Mohim Khan Baloch.

سینیٹر مہیم خان بلوچ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آج ہمارے اس bench کا تین سالہ آخری دن ہے۔ میں ذاتی طور پر آج اس ایوان کے ممبر کی حیثیت سے اپنی سیٹ سے کھڑے ہو کر بات کر رہا ہوں، کل نہیں تو پرسوں میں وہاں اس bench پر بیٹھوں گا۔ جمہوریت کا تقاضا یہی ہے کہ عوام جو mandate دے اس کا احترام ضروری ہے۔ جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں آپ کا تہہ دل سے شکرگزار ہوں کہ گزشتہ تین سال کے دوران مجموعی طور پر اس ایوان میں اور اپنے chamber میں بھی جب بھی ممبران جس حوالے سے آپ کے پاس آیا کرتے تھے، آپ ان کی بات سنتے تھے اور اس ایوان میں جو مسائل اٹھتے تھے ان کو بھی آپ خوش اسلوبی سے حل کرتے تھے اور آپ نے اس ایوان کو برقرار رکھا۔ میں بلوچستان کے ناتے سے بھی آپ کا شکرگزار ہوں کہ میں نے پورے اسلام آباد کے تمام Secretariats میں اپنے آپ کو اکثر و بیشتر مایوس محسوس کیا لیکن آپ نے اور Senate Secretariat میں کام کرنے والے آپ کے تمام عملے، بشمول نائب قاصد نے ہمارے جذبات و احساسات اور مسائل کو جس انداز سے سنا اور حل بھی کیا اور آپ کی سب سے بڑی یہ خوبی کہ اگر وہ مسئلہ اس وقت حل نہ ہو سکتا، اگر آپ کراچی یا کہیں اور ہوتے تو وہیں سے اس مسئلے کو حل کروا کر مجھ جیسے سیاسی

کارکن کو بھی مطلع فرماتے تھے کہ آپ نے مجھے جس مسئلے سے آگاہ کیا تھا، وہ حل ہو گیا ہے، میں آپ کا بہت شکر گزار ہوں۔

ہمارے اس ایوان میں مجموعی طور پر سیاسی، پارلیمانی اور technocrat کے حوالوں سے جو شخصیات رہی ہیں انہوں نے ہمیشہ اس ایوان میں، اس کے آداب کے مطابق، اس ملک کے پندرہ کروڑ عوام کے سیاسی، معاشی اور معاشرتی مسائل کے حوالے سے، اصولی طور پر، ہر پارٹی سے تعلق رکھنے والے نے اپنی پارٹی کے منشور اور اپنے vision کے مطابق اپنا موقف، بڑے دلائل کے ساتھ خوش اسلوبی سے، بڑے اچھے انداز میں پیش کیا، جن میں ہمارے جناب وسیم سجاد صاحب اور اس طرف سے پروفیسر خورشید صاحب شامل ہیں۔

جس دن قرعہ اندازی ہوئی تو مجھے افسوس ہوا کہ اس ایوان سے وہ شخصیات retire ہوئیں، جو اس ایوان کی جان تھیں لیکن آج مجھے خوشی بھی ہے کہ ان میں سے اکثر دوست، جن میں پروفیسر خورشید صاحب، جناب رضا ربانی، جناب وسیم سجاد، جناب مشاہد حسین اور جناب کامل علی آغا، جناب اسفند یار تو پہلے سے ہیں اور جناب گل نصیب صاحب، یہ ایسی شخصیات ہیں جن سے میں ذاتی طور پر بہت مرعوب ہوں کہ یہ لوگ واقعی سیاسی، parliamentarians, technocrat ہیں، ان میں جرأت اور علم ہے، یہ اس ملک اور اس کے عوام کے لیے سیاسی plateform کے حوالے سے ایک فکر اور پروگرام رکھتے ہیں لہذا میں ان دوستوں کا اور اس ایوان کا جس میں junior اور senior تمام شامل ہیں، سب کا بہت شکر گزار ہوں کہ گزشتہ تین سال کے دوران انہوں نے بھی اپنے انداز سے اچھی طرح فرائض انجام دیے۔

اس دن قرعہ اندازی میں جو لوگ retire ہو گئے تھے، ان میں سے چند آ گئے ہیں لیکن کچھ نئے دوست بھی آئے ہیں جن میں ہمارے بلوچستان سے جناب جان جمالی اور چاروں صوبوں سے بہت سے دوسرے نئے دوست بھی آئے ہیں، میں ان کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں اور امید اور تمنا رکھتا ہوں کہ وہ یہاں پر اس ملک اور اس کے عوام، جو اٹھاون سال سے سیاسی، معاشی اور معاشرتی مسائل سے دوچار ہیں ان کے مسائل کے حل کے سلسلے میں حتی الوسع کوشش کریں گے۔ میں چاہتا ہوں ان کے گوش گزار کروں کہ ہم نے اپنے تین سال میں جو مسائل سامنے آئے ان کی نشان دہی کی۔ مسائل ذاتی نہیں ہیں، مسائل علاقائی

نہیں ہیں، مسائل قومی ہیں اور وہ قومی مسائل جن میں سے بہت سے پنجاب کے حوالے سے ہیں، بہت سے سندھ کے حوالے سے ہیں، بہت سے مسائل بلوچستان کے حوالے سے اور بہت سے مسائل پختون خواہ کے حوالے سے ہیں۔

سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ اٹھاون سال گزرنے کے باوجود ہمارا جو وفاقی پارلیمانی جمہوری نظام رہا ہے شروع سے لے کر آج تک، صرف دس گیارہ سال ایک صدارتی نظام نافذ کیا گیا وہ بھی اس شخص کے جانے کے بعد چلا گیا لیکن مجموعی طور پر اس ملک کے اندر وفاقی پارلیمانی نظام رہا ہے لیکن آج تک جو بنیادی مسئلہ ہے، جو اس ملک کی ضرورت ہے، جو ہم کہتے ہیں کہ دو بنیادی باتیں ہیں ان پر کسی کا اختلاف رائے نہیں، جن میں ایک یہ ہے کہ جمہوریت اور فیڈریشن کے اندر اکائیوں کے درمیان ' وفاق اور اکائیوں کے درمیان ہم آہنگی اور قومی consensus ضروری ہے۔

جب ہم جمہوریت اور قومی consensus کی بات کرتے ہیں تو اس کی ضروریات بھی ہیں اور جب تک ہم ان ضروریات کو پورا نہیں کریں گے ملک کے اندر جمہوریت نہیں ہوسکتی، ملک کے اندر صوبوں کے درمیان ہم آہنگی نہیں ہوسکتی، وفاق اور صوبوں کے درمیان ہم آہنگی نہیں ہوسکتی۔ مختلف مسئلوں پر قومی ہم آہنگی نہیں ہوسکتی جب تک عوام کی بنیادی ضرورت ' نظام کی ضرورت ' اس ملک کی ضرورت کے لیے ہم ضروری عوامل کو practice میں نہیں لائیں گے۔ اس میں بنیادی مسئلہ صوبائی خود مختاری کا مسئلہ ہے جو آج تک سوالیہ نشان ہے۔ اب تک حل نہیں ہوا ہے۔ اب تک ہر شخص اس چیز کو محسوس کر رہا ہے۔ اب تک کہہ رہے ہیں کہ Concurrent List کے تحت دس سال کے اندر صوبوں کو اختیارات ملنے تھے وہ آج تک نہیں ملے۔ یہ ایک بڑا سوالیہ نشان ہے جو اب تک حل نہیں ہوا ہے۔

دوسری سب سے بڑی بات جو ملک کے لیے ضروری ہے وہ جمہوریت ' جمہوری ادارے اور آئین کی آزادی اور خود مختاری اور بالا دستی ہے۔ یہ بھی ہمارے ملک میں سوالیہ نشان ہے۔ اس بارے میں بھی گزشتہ تین سال سے سوالیہ نشان رہا ہے اور اب تک ہے۔ اب تک اس ملک کے عوام محروم ہیں۔ گو کہ ہمارے پاس آئین ہے، سب کچھ ہے لیکن اس کی بنیادی حدیں اور جو خدوخال ہوتے ہیں، اس کو چلانے کی بات ہوتی ہے، وہ ہمارے پاس موجود نہیں ہے لہٰذا یہ سوالیہ

ہے۔

نمبر ۲ ، عوام کا حق حکمرانی۔ حق حکمرانی عوام کو حاصل ہوتا ہے۔ عوام mandate دیتے ہیں اور اس پارلیمنٹ کے through جو Government بنتی ہے اس کو empower کرنے کا بنیادی اختیار عوام کو ہوتا ہے اور وہ ہمارے ہاں اب تک سوالیہ نشان ہے۔ عوام کے پاس ہم جاتے ہیں، عوام سے ہم ووٹ لیتے ہیں لیکن حق حکمرانی میں عوام شامل نہیں ہیں۔ اب تک ہم نے عوام کو empower کی حیثیت نہیں دی ہے اور جب تک ہم عوام کو empower کی حیثیت نہیں دیں گے تو یقینی طور پر good governance ایک سوالیہ نشان رہے گی۔

اس کے ساتھ ملکی وسائل کی تقسیم میں عوام کا جو بنیادی حق ہے برابری کی بنیاد پر، انصاف کی بنیاد پر، اس سے آج تک عوام محروم ہیں۔ یہ بھی ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔

جناب چیئرمین، خان صاحب! وقت کا خیال رکھیے۔

سینیٹر مہیم خان بلوچ، مہربانی۔ جناب چیئرمین! سب سے بڑی چیز جو ہمارے ملک میں ہے، جس کو ہم سب محسوس کر رہے ہیں وہ غربت ہے۔ غربت کو آج تک ہم کنٹرول کرنے میں کامیاب نہیں ہوئے ہیں۔ گو کہ ہم بیٹھتے ہیں، دعوے بھی کرتے ہیں۔ لیکن اس میں کامیاب نہیں ہوئے۔ تقریباً ایک ہفتہ یا دس دن کی بات ہے اور یہ official report ہے، یہ TV پر آئی ہے کہ پہلے شرح غربت 31% or 32% تھی، اب اس میں 6% کمی ہوئی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات اس طرح نہیں ہے۔ میں راولپنڈی کی مثال دیتا ہوں کہ جو لوگ جھونپڑیوں میں رہتے ہیں، جن کا کوئی بنیادی گھر نہیں ہے، ان کی تعداد بڑھ گئی ہے اور کم نہیں ہوئی ہے۔ پرانے مکانات کی مرمت بہت کم ہوئی ہے لیکن نئے مکانات زیادہ بنے ہیں۔ میں یہ راولپنڈی کی بات کر رہا ہوں جو اسلام آباد کے نزدیک ہے۔ آج interior پنجاب کو چھوڑیں۔ بلوچستان بے چارہ تو اس چیز سے بالکل محروم ہے۔ آپ سندھ interior کو چھوڑیں، سرحد کو چھوڑیں، میں تو یہاں کی بات کر رہا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ غربت پہلے کی طرح بدستور موجود ہے اور اس ملک کی low middle class بھی دن بدن غربت کی طرف جا رہی ہے۔ بے روزگاری کی انتہا نہیں ہے۔ مہنگائی کو لیجیئے۔ جناب والا! انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ چینی کچھ ماہ پہلے 22 روپے

فی کلو تھی---

جناب چیئرمین، بلوچ صاحب! وقت کا خیال رکھیئے گا کیونکہ آپ کے بعد اور بھی کئی ساتھی ہیں جنہوں نے اظہار خیال کرنا ہے اور وقت محدود ہے۔

سینیٹر مہیم خان بلوچ: جناب والا! میں اپنی بات مختصر کرتا ہوں۔ یہ بات بھی سوالیہ نشان ہے کہ اس ملک میں غربت، مہنگائی اور بے روزگاری بنیادی مسائل ہیں لیکن ان کی طرف توجہ نہیں دی گئی۔ جناب والا! میں آخر میں کہنا چاہتا ہوں کہ ملک میں تمام مسائل سیاسی ہیں اور سیاسی مسائل، سیاسی طریقے سے حل ہوتے ہیں۔ ریاستی مشینری ملکی دفاع کے لئے ہوتی ہے۔ ریاستی مشینری کو سیاسی مسائل کے حل کے لئے front پر لانا، اس ملک اور اس ملک کے عوام کے حق میں نہیں ہے، جمہوریت کے حق میں نہیں ہے، قانون کی حکمرانی کے حق میں نہیں ہے۔ لہذا میں کہتا ہوں کہ ہم اس چیز سے اپنے آپ کو دور رکھیں۔ میں وزیرستان کی دہشت گردی کے حوالے سے مثال دیتا ہوں۔ آپ دیکھیں کہ وہاں ایک ہفتہ یا دس دن سے کیا حالت ہے؟ بلوچستان میں کیا حالت ہے؟ لہذا خدا را! سیاسی مسائل کو سیاسی طریقے سے حل کریں۔ ہم ریاستی مشینری اور فوج کو سیاسی مسائل کے لئے front پر نہ لائیں کیونکہ یہ ہمارے لئے نقصان دہ ہے۔ جناب والا! آخر میں، میں ایک لفظ کہنا چاہتا ہوں کہ 9/11 کے بعد دنیا کا نقشہ تبدیل ہونے کی طرف جا رہا ہے، سیاسی حالات بدلنے کی طرف جا رہے ہیں، معاشی راستے اور strategies بدلنے کی طرف جا رہی ہیں۔ آپ تاریخ کو دیکھیں، سلطنت عثمانیہ کو دیکھیں، جنگ عظیم کو دیکھیں، سرد جنگ کو دیکھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ عالمی حیثیت میں تبدیلی آئی اور اس عالمی تبدیلی میں geographically تبدیلی موجود ہے۔ لہذا میں اس ایوان کے ذریعے واضح کرنا چاہتا ہوں کہ 9/11 کے واقعے کے بعد عالمی جنگ جو ایک نئی شکل میں تبدیل ہوئی ہے، اس میں geographical تبدیلی بھی شامل ہے۔ ہمیں چاہئیے کہ ہم اپنے ملک کو اس geographical تبدیلی سے بچائیں۔ اگر ہم نے اپنے آپ اور اپنے ملک کو صحیح نہ رکھا تو ہم اس geographical تبدیلی کا شکار ہوں گے جس سے بلوچستان میں بلوچوں کے لئے بہت زیادہ مسائل پیدا ہوں گے۔ اس لئے ہم اس چیز کا ادراک کریں۔

جناب والا! ان الفاظ کے ساتھ میں آپ اور دیگر دوستوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میں نے نئے منتخب دوستوں کے لئے بھی یہ الفاظ استعمال کئے ہیں کہ ہم نے جس مقصد کے لئے 3 سال جدوجہد کی ہے، آپ بھی آئیں اور اس جدوجہد میں شامل ہو جائیں اور اس ملک کے جو بنیادی مسائل ہیں، ان کو حل کریں تاکہ ہم اس ملک کو بہتر اور خوشحال ملک بنا سکیں۔ اس وقت ملک میں غیر سیاسی، غیر جمہوری اور غیر منتخب حکومتوں کا ایک تسلسل ہے، اسے ختم کریں اور حقیقی طور پر عوام کو empower کریں۔جناب والا! آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: میں تمام دوستوں سے کہوں گا کہ مہربانی کرکے وقت کا خیال کریں کیونکہ محدود وقت ہے اور اس میں ہمارے کئی ساتھی بولنا چاہتے ہیں۔ اگر ہم نے وقت کا خیال نہ رکھا تو یہ ساتھی اپنی بات کہنے سے رہ جائیں گے۔ چار منٹ کی جو حد طے ہوئی ہے، اسے مہربانی کرکے observe کریں۔ ڈاکٹر اکبر خواجہ صاحب ! ڈاکٹر صاحب ، وقت کا خیال رکھیے and you must adhere with strictly within maximum five minutes, please.

Senator Dr. Muhammad Akbar Khawaja: Thank you Mr. Chairman. Today we come together again with love and general respect for our country. I am delighted to speak on my last day in this House. In 2003, I was elected to hold a membership to this House for six years but I have been '*jubri*' retired after completing a three years mini term.

(Desk thumping)

I am pleased to offer this sacrifice to put this House back into a staggered term of system of the 1973 Constitution of Pakistan.

Mr. Chairman, the title of Senators is well recognized all over the world. Once you are a Senator you wear the title forever. Although I have to leave the membership of this House, I will resume the most honourable much more honourable title of citizen of Pakistan. You get to be MNAs

and Senators and Governors and even Prime Ministers for a short period of time but you will always remain a citizen. My identity is Pakistan and I am proud of that. I take this opportunity to congratulate fellow Senators who will continue their membership for three more years and also to the new arrivals who will continue for next six years.

Mr. Chairman, today, I want to leave this House with some observations and thoughts about the state of affairs and our future. Citizens of this country have a right to know where we stand on important issues, our people are disappointed. There is a confusion in the air and there are fears among our people. There are fears of crippled human and civil rights, fear of injustice, fear of lack of security, fear of violence, fear of double digit inflation, fear of poverty and unemployment and continued fear of poor governance. Let us pause for a moment to see which directions we are being led through; are our citizens safer today? Or they are happy with the state of affairs in the country. Do we have a democracy or one man is making fun of all of us.

Mr. Chairman, there is no economic recovery for working poor or for those seeking job so that they can feed and clothe their families. A common citizen is facing severe hardship in gaining access to basic necessities under a crippling price hike. Dealing with the issue of poverty is the fundamental issue of peace. Mr. Chairman, there is a tension on both western and eastern borders. Pakistan-India relations continue to be unsettled and there is a deadlock over the status of Kashmir. Our foreign policy must be characterized by mutual respect not by gun, diplomacy not

by threats. It was an insult to the Parliament that our elected Prime Minister Mr Shaukat Aziz and the first lady were kept out of the scene during recent visit of President Bush.

Democracy is Pakistan's future. We sincerely hope that this regime accepts the challenge of holding free, fair and transparent elections under an impartial government and a free and independent Election Commission. Mr. Chairman, we respect our armed forces and value their service and compassion and the role of Army Chief is a sacred one but his non-partisan position must not have any colors of political affiliations. He should not chair Kings party meetings or participate in the decision-making of awarding tickets to the Parliamentarians. Mr. Chairman, trust is at the heart of our democracy; without trust and without truth, our country cannot flourish. When that trust is violated, the bonds that hold our federation together begin to weaken. We need a leadership who is sincere to his oath with physical courage, moral values and sound judgement. We should strengthen democracy not weaken it. If the leadership is heading in wrong direction we must correct its course. Mr. Chairman, we must remember that Pakistan cannot lead in the world unless here at home, we have one Pakistan. We must work harder to overcome our differences in our heads, in our hearts and in our laws. We must treat all our people with fairness and dignity regardless of their party affiliations, always moving towards the more perfectation. Let us have an end to the injustice against political business and against elected Prime Ministers forced to live in exile. Most of our political workers have been

victimized by false accountability process and have suffered tremendously. We must address their concern and make room for them.

Yousuf Raza Gilani and Javed Hashmi deserve to be freed. No Pakistani citizen ought to be denied equal protection from the law. This regime must fulfill its obligations to Pakistani citizens.

Improved governance and respect to law and justice are key directions to restore investors' confidence and to our economic growth.

We must move to the economic security and opportunity for all Pakistanis.

Mr. Chairman, my days in this House are nearly through, but my days of service, I hope are not. For friends and colleagues who cared for me, for Party Leadership who honoured me, and for a family who supported me I am extremely grateful.

Mr. Chairman, during last three years Mushahid Hussain Sayed sat on the treasury benches and I sat on the opposition benches. That means something, but it really does not mean that much because we both are Pakistanis and we both love our country. I want my colleagues on both sides to understand that whatever differences I may have had, they are political in nature. They have never been a personal one.

Before I conclude, I must say that it was indeed a great honour to be a member of this House. I would like to thank all colleagues for the respect and confidence they have shown me.

Mr. Chairman, personally I would like to thank you and your entire staff and media who covered the Senate proceedings.

If in my high moments, I have done some good, offered some service, shed some light or in any way along the way helped somebody, then my service to this House has not been in vain.

If in my low moments, in word, deed or attitude, through some error of temper, taste or tone, I have caused anyone discomfort or created pain that was not my truest self.

If there were occasions that I was not at my best, please forgive me. Charge it to my head and not to my heart.

Our healthy competition should make us better, not bitter. We must forgive each other redeem each other and move on.

Learning from each other, we can build bridges of mutual trust and understanding.

Even at this time of uncertainty, all of us count and all of us fit somewhere. We have proven that we can survive without each other. But we have not proven that we can win and progress without each other. Let's stand on principles of justice, freedom, and democracy - and preserve the Constitution of Pakistan. Let's make our country a better place to live. Let's talk about the future in responsible terms. We must come together for a true democracy. We must come together in building a better Pakistan, a peaceful Pakistan, a Democratic Pakistan, a Constitutional Pakistan, Pakistan of Justice and fairness, a Pakistan free of hunger, free of pain and free of suffering.

I thank you for attention. May Allah bless you, love you and keep you. Good bye and Allah Hafiz.

جناب چیئرمین، مجھے اپنے ان ساتھیوں سے کئی نوٹ آئے ہیں جو کہ بولنا چاہتے ہیں۔ مہربانی کرکے وقت کی پابندی کریں تو میں بولنے والے ساتھیوں سے درخواست کروں گا کہ self-policing کریں، پانچ منٹ سے زیادہ تقریریں نہ فرمائیں تاکہ زیادہ سے زیادہ اراکین بول سکیں کیونکہ ابھی کافی لوگ رہتے ہیں۔ مہربانی کرکے وقت کی پابندی خود کریں۔ ڈاکٹر شہزاد وسیم۔

سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم (وزیر مملکت برائے داخلہ)، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، جناب چیئرمین! میں آج دو تقریریں کرنے کے mood میں ہوں۔ ایک چھوٹی اور ایک لمبی۔ چھوٹی تقریر یہی ہے کہ thank you اور لمبی تقریر ہے thank you very much.

جناب چیئرمین! آج میں کوئی سیاسی تقریر کرنے کے mood میں نہیں ہوں۔ میں سب سے پہلے اپنے ان تمام colleague Senators کو جو دوبارہ re-elect ہو کر اس ایوان کی زینت بنے ہیں چاہے ان کا تعلق حکومت سے ہے یا اپوزیشن سے مبارکباد دینا چاہتا ہوں۔ اس کے ساتھ ساتھ میں ان نئے آنے والے ساتھیوں کو بھی مبارکباد دینا چاہوں گا اس یقین کے ساتھ کہ ان کی اس ایوان میں موجودگی ان کی صلاحیتوں کا اظہار اس ایوان اور اس ایوان کے تقدس میں اضافہ کرے گا اور یہ ایوان انشاء اللہ اپنا مثبت role جو کہ اس سے پہلے بھی ادا کرتا رہا ہے وہ ادا کرتا رہے گا۔ جناب! اس ایوان کی ایک بڑی خصوصیت ہے کہ یہ چاروں صوبوں کی برابر کی نمائندگی کرتا ہے اور جب بھی ہم پاکستان کے مستقبل پر نظر دوڑاتے ہیں تو ہمیں سب سے پہلے جس چیز کا احساس ہوتا ہے وہ انہیں چاروں بھائیوں کے درمیان پیار و محبت کے رشتے کا ہوتا ہے اور اس پیار محبت، اخوت اور یگانگت کے رشتے کو مضبوط کرنے کے لیے اس ایوان سے بہتر شاید کوئی forum نہیں۔ اس ایوان میں چاہے کسی کونے سے کوئی چیخ اٹھے یا کسی جانب سے استدلال کے ساتھ بات ہو، ہمیں ان تمام آوازوں پر یکساں کان دھرنے ہیں، اس لیے کہ یہ مستقبل کے لیے، اخوت کے لیے، یگانگت کے لیے ایک نہایت ضروری عمل ہے۔ آج جناب! ہماری پہلی term کی تین سالہ مدت مکمل ہوئی۔ میں سمجھتا ہوں کہ بحیثیت مسلمان ہمارا ایمان ہے کہ دنیا میں ہر چیز کا اصل مالک خدا تعالیٰ کی ذات ہے۔ جان، مال، اولاد اور اقتدار اسی کی عطا کردہ نعمتیں ہوتی ہیں اور

ہم سب ان نعمتوں کے اسی وقت تک مالک ہوتے ہیں جب تک اللہ تعالیٰ کی مرضی ہوتی ہے۔ ہمارا فرض صرف یہ ہے کہ جب تک ہمیں وہ ذمہ داریاں سونپی جائیں، ہم ایمانداری کے ساتھ، خلوص کے ساتھ اور پوری دیانت اور اپنی صلاحیتوں کے ساتھ اس ذمہ داری کو پورا کرنے کی کوشش کریں۔ میں یہ بات کرنے کی position میں نہیں کہ میرا contribution ان تین سالوں کے دوران کیا رہا مگر میں صرف یہ بات کرنا چاہوں گا کہ یہاں پر میں نے جو بھی بات کی اور جو بھی حرف کہا وہ conviction کے ساتھ کہا۔ وہ اپنے دل کے یقین کے ساتھ کہا اور اس امید کے ساتھ کہا کہ شاید اس سے کوئی بہتری کی فضا بنے گی۔

آج جناب! اپنا tenure complete کرنے کے بعد ہم اس ایوان سے رخصت ہوں گے مگر اس کے بعد کتاب زندگی کا ایک نیا باب بھی کھلے گا۔ سیاست ایک جہد مسلسل کا نام ہے اور اس کا اصل اور سب سے مضبوط رشتہ صرف اور صرف عوام کے ساتھ ہوتا ہے۔ سیاست عوام کی خدمت کا دوسرا نام ہے اور اسی خدمت کے لیے ہم اس میدان کے اندر مختلف platforms پر، مختلف حیثیتوں میں اپنی کاوش کرتے نظر آتے ہیں۔ آج اگر یہ حیثیت ختم ہوئی ہے تو کوئی بات نہیں، ہمارا وہ رشتہ جو کہ ہمیشہ رہنے والا ہے، جو کہ اپنے ملک کے عوام کی حالت کو بہتر کرنے کا ایک عزم ہے وہ ہمیشہ کے لیے رہے اور میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی جو جوان سیاسی قیادت ہے وہ پرعزم ہے اور وہ مشکلات سے گھبرانے والی نہیں اور وہ اس بات کا عزم لے کر گھر سے نکلی ہے کہ چاہے کسی بھی قسم کی مشکلات آئیں، جو اپنا ultimate aim ہے اور جو اس ملک میں ایک بہتری لانے کی کوشش ہے وہ جاری رہے گی۔

جناب! یہ وقت ہے کہ ہمیں اپنے سیاسی رویوں پر بھی نظرثانی کرنی چاہیے۔ اب وقت آگیا ہے کہ موروثی سیاست، خاندانی سیاست اور پیسے کی سیاست کے مقابلے میں ہمیں merit, convention اور dedication کا ساتھ دینا ہے۔

آخر میں جناب! آپ کا ذکر کئے بغیر یہ بات بالکل نامکمل ہوگی، جس طرح یہ ایوان نامکمل رہتا ہے۔ آپ نے جس طریقے سے اس ایوان کو چلایا۔ جس طریقے سے یہاں پر ماحول بنا کر رکھا، مشکل حالات کو بھی بہتری سے سلجھایا، میں سمجھتا ہوں کہ اس ایوان میں بیٹھے ہوئے تمام سینیٹر حضرات اس بات کے معترف ہیں۔ ہماری دعائیں آپ کے ساتھ ہیں، مجھے کامل یقین ہے کہ

یہ ایوان آئندہ بھی آپ کو اسی منصب پر دیکھنا پسند کرے گا۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین، شکریہ! ڈاکٹر صاحب۔ جی عزیز اللہ سانکزئی۔

سینیٹر ڈاکٹر عزیز اللہ سانکزئی، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ شکریہ جناب چیئرمین! آج دن بھی شکریہ کا ہے اور شکریہ ادا کرنا چاہئیے اور شکر گزار رہنا بھی چاہئیے۔ میں ذاتی طور پر سینیٹ کے پورے عملے نائب قاصد سے لے کر سیکرٹری صاحب تک کا مشکور ہوں۔ آپ کا میں مشکور ہوں کہ آپ نے ہماری تلخ، وزنی اور کبھی کبھی غیر وزنی باتیں بھی سنیں، وہ تاریخ کا حصہ رہیں گی۔ یہی دنیا کا اصول ہے اور چلتا آرہا ہے۔ ہم نے اپنا tenure پورا کر لیا، جیسے ہم سے پہلے لوگوں نے پورا کیا تھا ہم ان کے لئے جگہ خالی چھوڑ رہے ہیں۔ ہماری دعا ہے کہ پاکستان کے لئے آنے والے سینیٹر ہم سے زیادہ بہتر کام کر سکیں۔ ہم سے جو ہو سکا، ہم سے جو بن سکا، ہمیں جو سمجھ آسکا ہم نے پورے پاکستان کے لئے، خاص طور پر بلوچستان کے لئے کام کرنے کی کوشش کی۔ میں حزب اقتدار اور حزب اختلاف، نام لئے بغیر سب ساتھیوں کا مشکور ہوں کہ انہوں نے ہمارے ساتھ تعاون کیا اور یہ تعاون ہمیں ہمیشہ یاد رہے گا۔ میری دوبارہ بھی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو حفظ و امان میں رکھے۔ میں اپنے نئے آنے والے ساتھیوں کو مبارکباد پیش کروں گا۔ جو ہم فارغ ہوگئے ہیں میں ان سے بھی اپیل کروں گا کہ دنیا اسی کو کہتے ہیں، جمہوریت اسی کا نام ہے، کرسی رہے گی لوگ تبدیل ہوتے رہیں گے۔ آخر میں، میں ایک شعر پڑھوں گا، اس کے بعد آپ کا شکریہ ادا کروں گا۔

جاتے جاتے دعا ہے کہ ملک میں بہار آئے
کوشش رہی ہمیشہ کہ پاکستان میں اور نکھار آئے

جناب چیئرمین! شکریہ، بڑی مہربانی۔

جناب چیئرمین، شکریہ عزیز اللہ سانکزئی صاحب۔ جی پروفیسر سعید الزمان صدیقی۔

Senator Prof. Muhammad Saeed Siddiqui: Mr. Chairman, I thank you for giving me the floor and I have completed the tenure rather I will be completing my three year tenure decided by the ballot. Mr.

Chairman, these three years I would call visit to the corridor of the Parliament during these three years, I learnt a lot and I observed a lot. Mr. Chairman, I learnt patience and endurance from you with which you ensured the members of the House while conducting the sittings and sessions. I learnt a lot from my senior Parliamentarians, Senators, like Wasim Sajjad, like Mr. Anwer Bhinder, like Professor Khurshid Ahmad, like Mian Raza Rabbani, like Mr. Ishaq Dar. Sir, they spoke from their heart of the problems of the nation, of the country. I tried my level best to the same, it is the House, it is the members, the colleagues know, how for I made it, I did not make it.

Let me seek this opportunity like other colleagues to congratulate the members who got six years term by ballot as well as to the members who are re-elected or elected fresh for this House. Mr. Chairman, the kind of democracy now in the country in practice is better than no democracy but however, there is need to improve more, do more particular in the areas like good governance and good governance at all levels, federal, provincial as well as districts or local level. We have to do better governance and provincial autonomy, provincial harmony, everyday we hear from the provinces of their grievances, their demands, let us address them as early as possible before it is late. Also we need to do a lot, more, much more on problems and sufferings of the common man of the majority of the people who make this nation, like education, like health, like better infrastructure, drinking water, unemployment, poverty alleviation. So, there has been many promises made in this House and

things are improving but I wish the things improve at faster rates, faster pace so that the changes could be seen, changes and the improvement and betterment reach to the commen man and common man get benefit of these improvements.

One thing, I observed during my this tenure in many regards for many issues, I found lack of will, lack of political will, lack of seriousness on very fundamental issues which this country, this nation is facing. Most of the time we are found people saying, we are poor country, we can't afford that, we don't have resources, we don't have mega resources. This I said this morning in the meeting of the Parliamentary Committee and I am repeating it because I was not allowed to complete what I wanted to say. Infact resources are there but the resources are scattered.....

جناب چیئرمین، ذرا وقت کا خیال رکھیں۔ اور بھی کافی لوگ ہیں۔

Senator Prof. Muhammad Saeed Siddiqui: We need to pool these resources together and use them judiciously and wisely. With reference to education I would say that for example let us take Karachi, there are more than 100 government colleges in Karachi, public sector colleges but when we say of computer labs, no college has a complete lab or staffing. It is because a college has a building, it doesn't have teachers or equipment, another college has teacher but no equipment and no building like that. Why don't we pool our resources together and use them judiciously and wisely. Judiciously and wisely means we should plug the holes of leakage and wastage, we should plug the holes for wastage due

to incompetency of the persons, personnels who are given these.....

جناب چیئرمین، سعید صاحب اوقت کا خیال رکھیں کیونکہ اور بھی کافی ساتھی رہتے ہیں۔

سینیٹر پروفیسر محمد سعید صدیقی۔ جی میں بس conclude کروں گا۔

Whereas I sincerely thank my colleagues, my members for giving me opportunity and interaction with them. I also thank the Senate Secretariat and Mr. Chairman, you for providing us the good services . Mr. Chairman, in the last I would say whatever I have said here, I did in this House is out of my conviction. I, however sincerely apologize for anything I did or any word I said which might have hurt you Mr. Chairman or the honourable member colleagues or any staff of the Senate Secretariat. I pray, my beloved country, nation progress, and people have a better future and better living .Thank you very much.

Mr. Chairman: Thank you. Mr. Abdullah Rayar.

سینیٹر ڈاکٹر عبداللہ ریاڑ، Thank you Mr. Chairman. جناب میں آپ کا مشکور ہوں۔ آج میری یہ آخری گزارشات ہیں جو آپ کے توسط سے اس House میں موجود اور غیرموجود دوستوں تک پیش کر رہا ہوں ۔جناب! یہ میرے لئے بہت فخر کی بات تھی کہ ایک متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والا شخص جس کی سیاسی زندگی کے اٹھائیس سال ایک سیاسی جماعت کی اصولوں کی سیاست میں ایک کارکن کی حیثیت سے گزری اور مجھے بڑا فخر ہے کہ میری قائد محترمہ بے نظیر بھٹو نے آج سے تین سال قبل مجھ پر اعتماد کیا اور مجھے یہ موقع دیا کہ میں اس فورم سے بھی اپنی پارٹی اور اپنے وطن کی خدمت کر سکوں۔

جناب! اس process میں بہت سارے دوستوں سے اچھے روابط اور اچھے تعلقات پیدا ہوئے۔ سب سے بہتر دوست ملے۔ اپنی اصلاح ہوئی۔ جتنی کوشش میں کر سکتا تھا' نیک نیتی اور

محنت سے' اپنا contribution کرنے کی میں نے کوشش کی۔ ہو سکتا ہے کہ مجھ سے کوئی کوتاہی ہوئی ہو' ہو سکتا ہے کہ مجھ سے کسی کا دل رنجیدہ ہوا ہو' میں آج کی اس opportunity سے فائدہ اٹھاتے ہوئے معافی مانگنا چاہوں گا۔ مگر چند گزارشات میں سے یہ گزارش ضرور کروں گا کہ ایک سیاسی کارکن کی زندگی میں ایسے لمحات اور ایسی opportunities آتی ہیں اور اس سے اس worker میں پختگی آتی ہے' اس کی اصلاح ہوتی ہے اور وہ ثابت قدم رہتا ہے اپنی منزل کو حاصل کرنے تک۔ میں یہ یقین سے کہنا چاہوں گا کہ میرے جو beliefs ہیں پارٹی کے کارکن کی حیثیت سے عوام کی بہتری اور بہبود کے لئے سچ اور حق کو اپنا criterion بنا کر میں آئندہ بھی اپنی خدمات اس سول سوسائٹی میں جاری رکھوں گا چاہے وہ میری تنظیم کے اندر ہوں یا تنظیم سے باہر ہوں۔ ملک کے حالات میں I would try to continue to participate in a constructive manner. میں آخر میں شکریہ ادا کرنا چاہوں گا اپنے لیڈر محترم میاں رضا ربانی صاحب کا جنہوں نے ہماری رہنمائی فرمائی اور اگر مجھ سے کوئی کوتاہی ہوئی ہے تو میں معذرت خواہ ہوں۔ میں یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ آپ کی شفقت اور آپ کی پرخلوص محبت سے مجھے بہت تقویت رہی اور across the aisle میں نے اتنے دوست پائے۔ جن issues پر کام ہوا' کچھ ادھورے ہیں اور کچھ پایہ تکمیل تک پہنچے۔ امید ہے کہ نئے آنے والے دوست اور موجودہ دوست ان کو جاری و ساری رکھیں گے۔ میں آپ کے سیکرٹریٹ کا' سیکرٹری صاحب اور تمام عملے کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں اور امید رکھتا ہوں کہ کسی اچھے موڑ پر پھر ملاقات ہو گی۔

Thank you very much sir.

Mr. Chairman: Thank you. Dr. Nighat Agha.

سینیٹر ڈاکٹر نگہت آغا: جناب چیئرمین! شکریہ' کہ آپ نے مجھے موقع دیا اور میں اپنے آپ کو پانچ منٹ کے اندر limit میں رکھوں گی۔ یہ House مجھے بہت عزیز ہے۔ یہ House میری فیملی ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ میں بعد میں شکریہ ادا کروں گی لیکن سب سے پہلے میں صدر جنرل پرویز مشرف کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں کہ جو ہمارے جیسے middle class کے لوگوں کو آگے لائے۔ عورتوں کو اتنی تقویت دی کہ وہ آگے آ کر بول سکیں اور ملک کے لئے کچھ کر سکیں۔

تو ہم ان کے بہت شکرگزار ہیں۔ اس کے بعد میں پرویز الہیٰ صاحب کا شکریہ ادا کروں گی جو کہ ہمیشہ بہت مخلص ہیں پاکستان کے تمام لوگوں کے لئے اور وہ اپنے صوبے کو بہت آگے لے جا رہے ہیں اور صوبے میں بہت ترقی لا رہے ہیں۔ میری دعا ہے کہ خدا ان کو اس سے بھی زیادہ توفیق دے کہ وہ پورے ملک کو اور اپنے صوبے کو اس سے بھی آگے لے جائیں۔ چیئرمین صاحب! میں آپ کا بہت شکریہ ادا کرتی ہوں۔ آپ میں اتنی برداشت ہے' میں نے شاید کبھی کسی میں نہیں دیکھی ہے۔ آپ نے psychological and moral ہر قسم کی ہمیشہ support دی ہے۔ آپ نے ہمیشہ لوگوں کا بہت خیال رکھا ہے۔ جو qualities آپ میں ہیں یہ بہت کم لوگوں میں ہوتی ہیں۔

وسیم سجاد صاحب جو اس وقت یہاں پر موجود نہیں ہیں' وہ ہمیشہ میرے لئے beacon of light رہے ہیں اور میں ان سے ہمیشہ directions لیتی رہی ہوں۔ کامل علی آغا جو اس وقت نہیں ہیں infact میں ان کا شکریہ ہی نہیں ادا کر سکتی' وہ ہمیشہ out of the way جا کر مدد کرتے تھے' problems سنتے تھے' بڑے sympathetic ہوتے تھے اور وہ کوشش کرتے تھے کہ وہ problems کو solve کر سکیں۔

اس کے بعد میں ہاؤس کی طرف آتی ہوں جو کہ میری family ہے ' ہمارے agreements رہے اور disagreements بھی رہے لیکن مجھے ہمیشہ بہت encourage کیا' میں نے ہاؤس کے ہر ممبر سے بہت learn کیا۔ جو آئے ہیں میں انہیں مبارکباد دیتی ہوں اور جو پھر دوبارہ آ رہے ہیں ان کو بھی مبارکباد دیتی ہوں اور مجھے پتا ہے کہ وہ اپنی efforts کو بہت آگے لے جائیں گے کہ جس طرح بھی ہو پاکستان improve ہو۔

جو نئے ممبران آنے والے ہیں اور جو اس وقت یہاں موجود ہیں ان کے لئے ایک request چھوڑ کر جا رہی ہوں کہ میں Army family سے تھی اور ہمیشہ move کرتی تھی لیکن جب بھی کہیں جاتی تھی تو ان لوگوں کے لئے کچھ نہ کچھ چھوڑ جاتی تھی کہ وہ اس کو carry on کر سکیں۔ میں simple سی دو مثالیں دوں گی کہ as teen ager جب میں باغ گئی وہاں پر ٹینس وغیرہ کچھ نہیں تھا اور باغ ایک چھوٹا سا گاؤں تھا تو وہاں پر میں نے دو ٹینس کورٹس بنوائے تو like fire all over tennis courts بن گئے اور لوگ کھیلنے لگ گئے۔ اسی طرح جب

میں سعودی عرب گئی تو ریاض میں پاکستانی سکول نہیں تھا۔ میں نے آٹھ بچوں سے ایک پاکستانی سکول شروع کیا۔ چونکہ طارق آرمی میں تھے اور ہم واپس آ گئے تھے لیکن اس وقت اس میں چھ ہزار بچے پڑھ رہے ہیں۔ اسی طرح میں اپنے ہاؤس کے لئے ایک request چھوڑ کر جا رہی ہوں poverty alleviation کے سلسلے میں۔ جو ہم سب سے زیادہ کام کر سکتے ہیں وہ مہنگائی کو control کرنے کا ہے۔ میں نے ایک research paper جو کہ اپوزیشن اور treasury کی مدد سے لکھا ہے، میں ان سے request کرتی ہوں کہ اس کو بہت آگے لے جائیں کیونکہ دو سو، چار سو اور ہزار روپے تنخواہ بڑھانے سے کچھ نہیں ہو گا کیونکہ جتنی money in circulation آئے گی اتنی ہی مہنگائی زیادہ ہو گی۔ یہاں اتنے لائق اور قابل لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، وہ اس researchمیں سے ایک ایک area بھی لے لیں اور اسے آگے بڑھانے کی کوشش کریں۔ Actuallyہماری لڑائی مہنگائی سے ہونی چاہیے اور کسی سے نہیں ہونی چاہیے، اگر مہنگائی سے لڑائی کریں گے تو لوگ کھانا کھائیں گے۔ میری request ہے کہ please آپ اس کو آگے لیجائیں۔ میں پنجاب میں رہ کر بھی بہت کوشش کروں گی کہ جو بھی steps ہو سکتے ہیں وہ لائے جائیں تا کہ مہنگائی کم ہو اور لوگوں کی مدد ہو سکے۔ بہت بہت مہربانی۔

جناب چیئرمین، شکریہ۔ قاری عبداللہ صاحب۔

سینیٹر قاری محمد عبداللہ ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ صلی اللہ علیہ والہٖ نبی الکریم۔ بہت بہت شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ سب سے پہلے میں دونوں جانب نئے منتخب ہونے والے حضرات کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ یادوں کی بستی میں class IV سے لے کر آپ تک یہ یادیں ہمیشہ یاد رہیں گی، جس طریقے سے آپ نے اپنی شریفانہ اداؤں سے، برداشت سے اور جن صاحب کی طرف آپ کی نسبت ہے امامِ کبیر حضرت لاہوری رحمتہ اللہ علیہ سے، تو آپ نے اپنے اخلاق سے تمام حضرات اور ہمارے تمام ساتھیوں کو جس عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا یہ ہمیشہ یاد رہے گا۔ آج کی اس تقریب میں جتنے نئے ساتھی آئے ہیں ان سے یہی درخواست کروں گا کہ وہ پاکستان کے نظریہ کے لئے اور جس مقصد کے لئے یہ ملک بنا تھا اس کے لئے کام کریں۔ بلا تفریق تمام حضرات کو چاہیے کہ قوم سے جو 1947ء میں وعدہ کیا تھا اسی پر عمل ہونا چاہیے۔ باقی

کسی کا جانا، کسی کا آنا یہ تو دنیا کا رواج ہے، ہوتا رہے گا۔

دنیا نے اپنے آپ کو بدلا گھڑی گھڑی
اِک اہل عشق ہیں کہ جہاں تھے وہیں رہے

ہم صحافی حضرات کا بہت شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے ہمیشہ اس ایوان کی کارروائی کو بڑے اچھے انداز سے لکھا۔ اس وقت میرے سامنے میری محبوب شخصیت، علم صحافت کا بے تاج بادشاہ، برصغیر کا بہت بڑا ادیب ابوالکلام آزاد الہلال، البلاغ بھی ہے، جنہوں نے قلم کی حرمت کو سامنے رکھ کر اپنے سر تو قلم کروائے لیکن قلم کو نہیں بیچا اور آپ کے توسط سے اپنی صحافی برادری سے یہی درخواست کروں گا کہ وہ شورش کاشمیری کے چٹان، صلاح الدین کے تکبیر، ظفر علی خان کے زمیندار کو یاد رکھ کر ملک اور قوم کی صحیح ترجمانی کریں۔ میں سیکریٹری صاحب کی شریفانہ اداؤں کو ہمیشہ اپنی یادوں کی بستی میں رکھوں گا۔ مجھے جانے والے تمام ساتھیوں کا افسوس ہے لیکن آج جس بات کا مجھے سب سے زیادہ افسوس ہے، میں یہ بات اپنے دل میں نہیں رکھ سکتا، فرحت اللہ بابر جیسی پاکستان کی عظیم شخصیت کا اس ایوان میں نہ ہونا، آج اس پر افسوس بھی ہے اور میرے پاس وہ الفاظ نہیں کہ میں بیان کروں۔ ملک، قوم اور اتنے بڑے اہم ادارے کا اتنی زیادہ معلومات اور علم کا ذخیرہ رکھنے والے شخص سے محروم ہونا میں سمجھتا ہوں ملک اور قوم کے لیے نیک فال نہیں ہے۔

(ڈیسک بجائے گئے)

ہم دعا کریں گے کہ اللہ ہمیں نظریہ پاکستان کی حفاظت کرنے کی توفیق دے۔ میں تو ایک غریب آدمی ہوں، آج تک میرا اپنا ذاتی گھر بھی نہیں، ایک پرانی سائیکل ہے، اسی پر پھرتا ہوں، گاڑی بھی کسی دوسرے کی ہے لیکن جمعیت العلمائے اسلام اور حضرت مولانا فضل الرحمن صاحب نے جو ایک غریب آدمی پر اعتماد کیا میں ان کا اور اپنی جماعت کے مولانا گل نصیب صاحب، جناب رضا ربانی صاحب اور پروفیسر کی دور اندیشی کا معترف ہوں اور دونوں جانب کے حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آخر میں ڈاکٹر اقبال صاحب کا شعر پڑھ کر اپنی بات ختم کرتا ہوں۔

ضمیر مشرق ہے راہبانہ
ضمیر مغرب ہے تاجرانہ

وہاں دگرگوں ہے لحظہ لحظہ

یہاں بدلتا نہیں زمانہ

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین: شکریہ جی۔ مسز تنویر خالد۔

سینیٹر تنویر خالد: جناب چیئرمین! thank you.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: انصاری صاحب! آپ کا نام میرے پاس نہیں آیا' جب آپ نے ہاتھ اٹھایا تو میں نے نام لکھ لیا ہے۔ انشاء اللہ جیسے ہی باری آئے گی میں بلا لوں گا۔ اب آخری دن نہ لڑیں' صبر کر کے بیٹھیں۔ انشاء اللہ آپ کی باری آ جائے گی۔ آپ نے نام لکھ کر مجھے بھیجا تھا' میرے پاس جو نام آئیں گے میں تو وہی بلاؤں گا۔

سینیٹر عبد اللطیف انصاری: میں کیوں بھیجوں جناب! میں تو retire ہو رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: پھر جب باری آئے گی' سب کو اکٹھے تو نہیں بلا سکتا۔ صبر کر کے بیٹھیں' اس طرح باری نہیں آئے گی۔ جنہوں نے کہا ہے کہ وہ بولنا چاہتے ہیں' مجھے کیا پتا کہ سب بولنا چاہتے ہیں' جیسے باری آئے گی میں بلا لوں گا۔

سینیٹر تنویر خالد: شکریہ کہ مجھے اس وقت بولنے کا موقع مل رہا ہے' اب please time ضائع کرنے کی بجائے--- let me talk, اس طرح سے ایک منٹ اور ضائع ہو رہا ہے۔ آپ کا اور سب کا بہت بہت شکریہ۔ یہاں پر ہمارے ساتھی from the Treasury benches and from the Opposition ان سب کے ساتھ ہمیں اپنی قسمت سے تین سال گزارنے کا موقع ملا جس کو میں نے ہمیشہ ایسے محسوس کیا ہے جیسے بن مانگے موتی ملے اور جتنی اللہ تعالیٰ نے صلاحیت دی ہے میں نے یہاں پر کوشش کی۔ پلیز فوزیہ پلیز۔

تو میں آج آپ کا اور یہاں پر جو دوسرے محترم بیٹھے ہیں' سینیٹ کے سارے عملے کا' ہمارے ساتھیوں کا اور صحافی برادران' ہمارے صحافی بھائی جو اوپر تشریف رکھتے ہیں سب کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔ مجھے اس بات پر فخر اور خوشی ہے کہ میں بھی کسی نہ کسی طرح سے' کسی حد

تک اس برادری سے تعلق رکھتی ہوں۔ میں بھی free lancer ہوں اور میرے لیے خوشی کی بات یہ ہے، میں اس پیشے کو اتنا معزز سمجھتی ہوں کہ میں آج آپ کو اپنی ایک ذاتی بات بتا دوں کہ میرا ایک بیٹا جس نے Columbia University سے Economics میں Master Degree لی ہے لیکن he is working with the DAWN as Assistant Editor. سو یہ ہمارا ایک باہمی تعلق ہے اور یہ ہمیشہ سب چیزوں کی بڑی اچھی رپورٹ کرتے رہے ہیں۔ اس House میں جیسا کہ سب نے کہا کہ ہم نے بہت کچھ سیکھا، سب سے سیکھا اور اتنے مختلف الخیال لوگوں، poeple of various thoughts سے ہماری ملاقات ہوئی اور اس طرح سے زیادہ closer ملاقات بھی ہوئی ۔ جب میں کمیٹی کی چیئر پرسن بنی تو میری اور بھی زیادہ قریبی ملاقات ہوئی ۔ اس کمیٹی میں ہمارے پیپلز پارٹی کے ساتھی ممبر رہے اور ایم ایم اے کے بھی لیکن جس طرح سے کمیٹی کی meetings ہوئیں، جس طرح انہوں نے participation کی that was highly valuable. ان کے خیالات، ان کے طور طریق سے اور ان کا participation and on the top of it مہیم خان بلوچ بھی میری کمیٹی میں تھے ، کافی بولتے تھے تو میں ان سب کا ہر لحاظ سے شکریہ ادا کرتی ہوں۔

پھر ایک بات میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ کامل علی آغا صاحب جو ہمارے Chief Whip ہیں، الوداعی تقریبات کے قریب قریب جب ہم جانے والے تھے تو انہوں نے جناب Prime Minister سے گروپوں میں ہماری ملاقات کرائی۔ انہوں نے ' Prime Minister Sahib نے مختصراً فرمایا تھا کہ ہم پارلیمنٹ میں یہ خصوصیات دیکھنا چاہتے ہیں which are very valuable. انہوں نے کہا کہ loyalty to the party and participation in the House and participation اور وہ بھی اس طرح کا کہ کبھی کبھار نہیں بلکہ زیادہ تر اور اپنی بات کو اچھی طرح سے پیش کرنے کا۔ اس وقت میرے چند ساتھیوں نے کہا کہ یہ صفات آپ میں بڑی موجود ہیں اور اللہ تعالیٰ نے شاید مجھے تقریر کرنے کی صلاحیت دی ہے تو جب آخر میں about Balochistan or on some controversial issues پر میں نے تقریر کی تو ہمارے ایک ساتھی بڑے معزز ہیں، ثناء اللہ بلوچ صاحب نے کہا کہ اوہو یہ تقریر اس لیے ہو رہی ہے کہ پارٹی کا ٹکٹ ملے گا تو میں نے انہیں یہ جواب دیا تھا کہ بھائی تقریر کرنے کی مجھے اللہ تعالیٰ نے

صلاحیت دی ہے، تقریر میں ہمیشہ سے کرتی آئی ہوں مجھے نہیں معلوم کہ جب پہلا ٹکٹ مجھے ملا تو میں کیا تقریر کیا کرتی تھی اور ابھی بھی میں نہیں سمجھتی کہ یہ تقریر میں کرسی کے لیے کر رہی ہوں. but that is my high conviction whatever I spoke here جب بھی میں نے کوئی بات کی وہ میرا اپنا conviction ہے جیسے میں سوچتی ہوں۔ میں نے آپ کے بارے میں کہا اور ہمارے اکثر ساتھیوں نے کہا کہ yor are an example of cool temprament to me. جس کو اپنے گھر میں refer کرتی ہوں کہ میں نے ایسے بھی لوگ دیکھے جیسے ہمارے چیئرمین صاحب ہیں جو اتنے لائق ہو کر، اتنے capable ہو کر he is so cool. ہمیشہ دوسروں کو adjust کرنا، ان کا دل رکھنا اور یہ سب چیزیں آپ کے اندر بہت موجود ہیں اور جو دوسرے ہیں ہمارا جن جن سے تعلق ہوا ان سب میں، میں نے ایسی خوبیاں پائیں اس طرح کی اور مجھے کسی سے کوئی شکایت کبھی نہیں ہوئی اور نہ رہی۔

کامل علی آغا نے اپنا فرض بڑا عمدہ انجام دیا اور ان کا ایک خاص کارنامہ ہے کہ چھوٹے چھوٹے groups کو لے کے Prime Minister کے پاس ملاقات کے لیے جاتے رہے ورنہ شاید اتنے قریب سے ملنے کا موقع اتنے لوگوں کو نہ ملتا۔ اتفاق کی بات دیکھئے جب ہمارا بالکل چل چلاؤ ہو رہا تھا تو میں تو کسی کو خدا حافظ کرنے گئی تھی، شکریہ ادا کرنے اور خدا حافظ کہنے اپنے لیڈر کو لیکن وہاں پر اتفاق سے میری ملاقات سپیکر قومی اسمبلی سے ہوگئی اور انہوں نے مجھے بڑی محبت سے یہ کہا کہ دیکھئے جی آپ کی جو کارکردگی ہے وہ بڑی اچھی ہے اور چوہدری صاحب جو ہماری پارٹی کے لیڈر ہیں وہ آپ کی کارکردگی سے بہت خوش ہیں، پسند کرتے ہیں۔ مجھے یہ بات پسند آئی، بڑی خوشی ہوئی کہ چلئے میں نے اپنا کام خوبی سے انجام دیا اور جب میرا نام تین سال کی پرچی میں نکلا اور six میں نہیں نکلا تو that was accepted. بالکل ایسے ہی جیسے کوئی بھی بات accept کی جاتی ہے جو حقیقت ہو۔ وہ ایک حقیقت تھی اس میں temprament loose کرنا، کوئی دکھی ہونا، کوئی رونا پیٹنا I didn't do anything. اور اس میں ایک بات البتہ یہ ہے کہ میرا conviction یہ بھی ہے کہ حقیقت پسندی جو حقیقت ہو اس کو تسلیم کرنا، اس کا میں ضرور یہاں پر ذکر کروں گی کہ میں نے برسوں پہلے ایک فورم قائم کیا for Enlightened Moderation. میں نے سوچ کے اس کا نام انگلش سے اردو میں کر دیا تھا کہ "روشن خیال

فورم" کر دیا۔ جب میں یہاں آئی تو میں نے اس کا سارا literature اور دیگر مواد اپنے صدر صاحب کو پیش کیا تھا۔ میرے کچھ رشتہ دار اور قریبی احباب خوش ہوتے ہیں کہ دیکھیئے ! آپ کی سوچ صدر صاحب کو پسند آئی ہے یا ان کی بھی یہی سوچ ہے۔ میں یہ کہتی ہوں کہ انہیں میری سوچ پسند آئی یا نہیں آئی' اس کے بارے میں' میں کچھ نہیں کہہ سکتی لیکن میں یہ سمجھتی ہوں کہ ہم خیال لوگ بھی ہوتے ہیں۔ شاید یہ ان کی اور میری ہم خیالی ہے لیکن یہ میری بڑی خوش نصیبی ہے کہ جو میرا ideal ہے' جو میری پالیسی ہے' جو میری philosophy ہے کہ ایک تو education ہو اور دوسرے روشن خیالی ہو' یہ انہیں بھی پسند ہے۔ مسلم ملکوں میں what we are lacking, that is روشن خیالی - Environment اور حالات کے تقاضوں کے مطابق we have to accept it and we have to adjust with ...

جناب چیئرمین: ذرا وقت کا خیال رکھیے گا۔

سینیٹر تنویر خالد: جناب والا! ہمیشہ گلے شکوے کرنا یا کیڑے نکالنا' یہ بات ٹھیک نہیں ہوتی ہے۔ ہماری پارٹی مجھے یہاں لائی۔ اس کے لئے میں اپنی پارٹی کی نہایت شکرگزار ہوں اور سب leaders کی بھی شکر گزار ہوں۔ میں سب کی بہت عزت کرتی ہوں۔ اپنے ساتھیوں کی بہت عزت کرتی ہوں اور میں ہر شخص کی عزت کرتی ہوں اور ہمیشہ چاہوں گی کہ ہر شخص کی عزت کروں خواہ یہ چھوٹے سے چھوٹے job پر ہی کیوں نہ ہو۔

جناب چیئرمین: وقت کا خیال رکھیے۔ وقت کی بہت قلت ہے۔

سینیٹر تنویر خالد: ہاں جی! میں بالکل وقت کا خیال رکھوں گی اور وقت کا خیال بھی رکھتی ہوں۔ جنہوں نے میرے ساتھ تعاون کیا' میں ان سب کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ میں صرف آخری بات کہنا چاہتی ہوں کہ چوہدری صاحب سے جب میں ملنے گئی تھی تو انہوں نے کہا تھا کہ ہم سب پرانے سینیٹروں کو واپس لے رہے ہیں that was the thinking. لیکن بات یہ ہوئی کہ it is again the fact کہ صوبہ سندھ نے یہ طریقہ اختیار نہیں کیا جو پارٹی نے اختیار کیا تھا کہ سب پرانے سینیٹروں کو دوبارہ لے لیا جائے گا لیکن صوبہ سندھ نے ایسا نہیں کیا neither in our party nor in MQM. اس لئے آپ ان دونوں پارٹیوں کی طرف سے نئے faces دیکھیں

this is the thing behind گے اور وہ بھی آپ کے لئے بڑا اچھا contribute کریں گے لیکن

the scene. So, thank you everybody. خدا حافظ۔

(Desks thumping)

Mr. Chairman: I will again request the remaining speakers to please strictly adhere to the five minutes speech because I have to call the next member after five minutes. Mr. Aslam Buledi.

سینیٹر محمد اسلم بلیدی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں آپ کا اور آپ کے سٹاف کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ہمیں ہر موقع پر آپ کا اور آپ کے سٹاف کا تعاون حاصل رہا اور اسی طرح قائد حزب اختلاف میاں رضا ربانی اور دیگر اپوزیشن کے ساتھیوں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ قائد ایوان جناب وسیم سجاد اور ان کے ساتھیوں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ہر موقع پر ان کا تعاون ہمیں حاصل رہا۔

جناب چیئرمین! میں اپنی اور اپنی پارٹی کی طرف سے re-elect ہونے والے سینیٹروں کو مبارک باد دیتا ہوں۔ اور اس طرح نو منتخب سینیٹروں کو بھی مبارک باد دیتا ہوں اس امید کے ساتھ کہ اس ملک میں جمہوریت، آئین اور قانون کی بالا دستی کے لئے وہ اپنی صلاحیتوں کو بھرپور طریقے سے بروئے کار لائیں گے۔ جناب چیئرمین! ہم سیاسی worker ہیں، سیاسی لوگ ہیں، نظریاتی لوگ ہیں، ہمارے لئے ان ایوانوں میں رہنا یا باہر رہنا کوئی معنی نہیں رکھتا ہے۔ ہمارے لئے سب سے مقدس ہمارا نظریہ ہے اور ہماری commitment ہے۔ گزشتہ تین سالوں کے دوران ہم سے جو کچھ ہو سکا، ہم نے کیا۔ کامیابی اور ناکامی کا فیصلہ تاریخ کرے گی لیکن اللہ تعالیٰ کے ہاں سربسجود اور شکرگزار ہیں کہ اس نے ہمیں ہمت دی، ہمیں حوصلہ دیا کہ ہم نہ تو کسی غیر آئینی ترمیم کا حصہ بنے، نہ کسی توپ کی گھن گرج سے خوف زدہ ہوئے اور نہ کسی کی دولت کی چمک سے مرعوب ہوئے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا کرم ہے۔ یہ ہماری نظریات سے وابستگی کی مثال ہے ہم اس پر اللہ تعالیٰ کا جتنا شکر ادا کریں کم ہے۔ جناب! ہاؤس کو in order کریں۔

Mr. Chairman: The honourable senators please....

سینیٹر محمد اسلم بلیدی، ہم بول رہے ہیں اور لوگ گپ شپ میں مصروف ہیں۔ جناب چیئرمین! گزشتہ تین سالوں کے دوران ہمیں جو تجربہ ہوا، ہم نے جو اخذ کیا، وہ صرف اور صرف یہ تھا کہ ہم اس ملک کے اندر غلام ہیں، غلامی کی زندگی گزار رہے ہیں۔ اس شہر کی عمارت نے، اس شہر کی سڑک نے، اس شہر کے دفاتر نے ہمیں احساس دلایا کہ اسلم تم غلام ابن غلام، تیری آنے والی نسلیں غلام، اس ریاست کے اندر ہمیں شہریت کے برابر حقوق حاصل نہیں، تمام دفاتر کے اندر ہمیں اپنی قوم کا ایک بندہ بھی نہیں ملا کہ ہم اپنی مادری زبان میں اس کے ساتھ بات کر سکیں۔ حالانکہ اس شہر کی تمام خوبصورتی، اس شہر کے تمام محلات، اس شہر کی establishment ہماری دولت کی بدولت، ہمارے وسائل کی بدولت چمک دمک رہی ہے لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ان تمام چیزوں سے ہم محروم ہیں، بلوچ کہیں نظر نہیں آتا، بلوچ کا سرے سے وجود نہیں، تو یہ قومی غلامی نہیں ہے تو اور کیا ہے۔ ان تین سالوں کے دور میں میرے ضمیر نے مجھے جھنجھوڑا کہ تم غلام اور غلام کے بیٹے ہو، اس غلامی کے خلاف جدوجہد کر، میرے نظریات کو مضبوط کیا، میری commitment کو مضبوط کیا----

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین، آپ کا ایک منٹ رہ گیا ہے۔ اس کے بعد میں دوسرے سپیکر کا نام پکاروں گا۔

سینیٹر محمد اسلم بلیدی: یہی ہماری میراث ہے، جو ہم نے حاصل کی، اور ہم نظریاتی لوگ ہیں۔ اس کی سب سے بڑی مثال یہ ہے کہ نواب اکبر خان بگٹی اسی سال کی عمر میں پہاڑوں کے اندر اب بھی اپنی قوم کی جنگ لڑ سکتا ہے۔ اسلم بلیدی جیسا جوان کیوں نہیں کر سکتا ہے۔ امان اللہ جیسا جوان کیوں نہیں کر سکتا ہے۔ نواب صاحب کی ہمت نے بلوچ قوم کو حوصلہ دیا ہے، بلوچستان کے لوگوں کو حوصلہ دیا ہے تو انشاء اللہ ہم اپنے نظریات پر قائم رہیں گے۔ یہ ایوان ہمارے لیے کوئی معنی نہیں رکھتے، سب سے اہم چیز ہمارا cause ہے، ہمارا مقصد ہے، اس ملک کے اندر جمہوریت، اس ملک کے اندر آئین کی بالادستی، اس ملک کے اندر ڈکٹیٹر

شپ کا خاتمہ ' اس ملک کے اندر ڈاکو جرنیلوں کی بالادستی کا خاتمہ ' اس ملک کے اندر وحدتوں کی حاکمیت' قومی وحدتوں کے وسائل پر ان کی دسترس ' یہی ہمارا مقصد ہے اور اس مقصد کے لیے ہم جہاں پر بھی ہوں یہ ہماری جدوجہد جاری رہے گی اور ہمارے قدم انشاء اللہ نہیں ڈگمگائیں گے اور اس کے ساتھ ساتھ آخر میں یہ گزارش کرتا چلوں کہ بلوچستان کے باشعور عوام نے مڈری ڈکٹیٹر شپ اور ان کے ساتھی کو reject کیا ہے۔ بلوچستان کے اندر اپوزیشن سے تعلق رکھنے والے قوم پرست' جمہوریت پسند اور ایم ایم اے کے ساتھیوں نے اکثریت سے کامیابی حاصل کی' سرکار کی دولت کو ٹھکرا دیا----

جناب چیئرمین: تشریف رکھیے ۔مراد علی شاہ صاحب ۔

سینیٹر محمد اسلم بلیدی: ان الفاظ کے ساتھ میں ختم کرتا ہوں۔

جس کھیت سے میسر نہ ہو دہقان کو روزی

اس کھیت کے ہر خوشہ گندم کو جلا دو

مہربانی۔

(ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر سید مراد علی شاہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب چیئرمین صاحب! شکریہ ۔ اس ایوان میں تین سال پہلے جب ہم آئے تھے اور ایک مقصد لے کر آئے تھے اور مقصد یہ تھا کہ پاکستان کے آئین کے مطابق حکومت قائم کی جائے یا وفاق کو مضبوط کیا جائے۔

جناب والا! پاکستان کا وجود بعد میں آیا ہے اور نظریہ پاکستان اس سے پہلے تھا۔۔

(اس مرحلے پر اذان برائے نماز جمعہ کی آواز آئی)

جناب چیئرمین: ابھی پانچ سپیکر باقی ہیں اور ہمارے پاس دس منٹ ہیں اس کے بعد ایوان کا اجلاس برخاست کرنا پڑے گا۔ اس لیے مہربانی کرکے دو دو منٹ میں اگر آپ تقریر فرما دیں تو مہربانی ہو گی۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: Sir, since this is the last sitting تو اس سلسلے میں میری یہ گزارش ہوگی کہ ابھی آپ adjourn کر دیں کیونکہ ابھی کچھ اور دوست بھی ہیں

جنہوں نے تقاریر فرمائی ہیں۔

جناب چیئرمین: No problem. مجھے تو کہا گیا تھا کہ جمعہ کی نماز سے پہلے برخاست کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب چیئرمین! میری گزارش ہوگی کہ ابھی adjourn کردیں پھر بعد از دوپہر reassemble ہو جائیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے تین بجے reassemble ہو جائیں گے۔ ابھی دو سپیکر ہم ساڑھے بارہ بجے تک لے سکتے ہیں۔ سید مراد علی شاہ۔

سینیٹر سید مراد علی شاہ، جناب والا! میں عرض کر رہا تھا کہ پاکستان بعد میں وجود میں آیا، نظریہ پاکستان پہلے سے تھا۔ ہم یہاں تین سال پہلے اس لیے آئے تھے کہ اس ملک کو آئین کے مطابق چلانے کی کوشش کریں، نظریہ پاکستان کو مستحکم کریں اور وفاق کو مضبوط کریں لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اپنی انفرادی کوششوں کے باوجود ہم آج اس سے بدتر پوزیشن میں ہیں، پاکستان میں نہ آئین ہے، نہ قانون ہے، نہ یہاں پر باقاعدہ حکومت ہے۔ اس لیے یہاں سے ہم ناکام جا رہے ہیں۔ ہم نے انفرادی طور پر اپنی ڈیوٹی کی لیکن اجتماعی طور پر ہم اس میں کامیاب نہیں ہوئے۔ نظریہ پاکستان کو مستحکم کرنے کی بجائے کمزور کیا گیا، مہنگائی اور دوسرے مسائل زیادہ بڑھے۔ وفاق کی یہ حالت ہے کہ اس وقت شمالی وزیرستان اور بلوچستان میں ہم اپنے لوگوں پر گن شپ ہیلی کاپٹر چلا رہے ہیں۔ اس لیے ہم یہی کہیں گے کہ جیسے ہم آئے تھے ویسے ہی جا رہے ہیں۔ باقی آپ لوگوں کا بہت شکریہ۔ یہاں کے عملے نے ہمارے ساتھ تعاون کیا، آپ نے ہماری بڑی حوصلہ افزائی کی، ہم آپ کے مشکور ہیں لیکن جہاں تک اصل کام ہے وہ ہم نہیں کر سکے۔ Thank you very much.

جناب چیئرمین: جناب لطیف انصاری صاحب۔

سینیٹر عبداللطیف انصاری: جناب چیئرمین! میں آپ کا بہت ہی مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا۔ لیکن اس سے پہلے میں نے عرض کی تھی کہ مجھے بولنے کا موقع پہلے ملنا چاہیے۔ ہو سکتا ہے کہ اس میں میرا لہجہ ایسا ہو کہ کسی کو ناگوار لگا ہو تو میں اس کے لیے

معذرت خواہ ہوں۔

میں عرض کروں گا کہ آپ نے اس ایوان کو جس طریقے سے چلایا اور conduct کیا، وہ بہت ہی احسن طریقہ تھا اور ہم آپ کے بڑے مشکور ہیں کہ آپ نے تین سال بڑے احسن طریقے سے اس ایوان کو چلایا اور ہمیں موقع دیا کہ ہم اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں۔

جناب والا! میں اپنی تقریر کو مختصر کرتے ہوئے یہ عرض کروں گا کہ ہم جانے والے لوگوں کے وہی جذبات ہیں جو فرحت اللہ بابر صاحب نے پیش کیے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ میں مختصر عرض کروں گا کیونکہ میری اپنی عمر کے جو تقاضے ہیں اس لحاظ سے اس ہاؤس کے اندر یہ کہوں گا کہ ہمیشہ جو چیز حل کرنے والی ہے وہ ہمارے ملک کے مسائل ہیں، اس کی طرف توجہ ہونی چاہیے، ان کو حل کرانے کے لیے جتنے بھی ممبر صاحبان ہوں کوشش کریں۔ میں امید کرتا ہوں اور مبارکباد دیتا ہوں ان دوستوں کو جو دوبارہ elect ہو کر آئے ہیں۔ امید ہے اس ہاؤس کے اندر وہ اپنے مسائل بیان کریں گے جس سے اس ملک کی ترقی اور خوشحالی ہو گی۔

میں یہاں پر اپنے تجربے کے ساتھ اتنا عرض کروں گا کہ ایک سیاسی کارکن کی حیثیت سے میں نے اپنی پوری زندگی دی ہے۔ سیاسی کارکن کی حیثیت سے میں پھر 28 برس کے بعد --- اب سے پہلے میں 1975 میں سینیٹر بنا اور پھر 28 برس کے بعد دوبارہ سینیٹر بن کر آیا۔ اس دور میں کارکن کی حیثیت سے میں نے اپنے فرائض سر انجام دیے۔ میں بھٹو صاحب کے دور کے اندر سیاسی عہدہ بھی رکھتا تھا۔ سیاسی کارکن کی حیثیت سے میں جیل میں بھی مسلسل رہا، جیل میں تین برس رہا، اس کے بعد جیل دیکھتا رہا اور جیل میں جانے کے لیے ہمیں بولنا ہی پڑتا تھا۔ اس دوران میں مختصر بولا، اس لیے بولا کہ مناسب ماحول ہو، مناسب بات ہو اس پر عرض کروں لیکن ایک تجربہ جو میں نے سیاست سے حاصل کیا وہ میں مختصر یہاں عرض کروں گا۔ میں کسی کی دل آزاری نہیں کرتا ہوں، ایک حقیقت بیان کرتا ہوں، حزب اختلاف اور حزب اقتدار سے یہ عرض ہے کہ چیزیں بدلتی رہتی ہیں۔ آج جو حزب اقتدار میں ہیں وہ حزب اختلاف میں بھی آ سکتے ہیں اور حزب اختلاف والے حزب اقتدار میں بھی جا سکتے ہیں لیکن سب سے بڑی اہم چیز یہ ہے کہ ملک کے مسائل حل ہوں، لوگوں کے مسائل حل ہوں، لوگوں کی دل آزاری نہ ہو اور یہ خاص طور پر ان حکمرانوں کے لیے ہے۔ میں مختصر اپنا تجربہ بتاتا ہوں کہ میں کارکن کی حیثیت سے کام کرتا

رہا اور مجھ پر اسی دوران جھوٹے مقدمے بنائے گئے اور بہتر گھنٹے میری آنکھوں پر پٹی باندھ کر ایک lock up میں بٹھا دیا گیا تاکہ میں کسی نہ کسی کے اوپر الزام لگاؤں لیکن میں ان کی اس بات میں نہیں آیا۔ اس کے بعد میں نے سپریم کورٹ سے رجوع کیا اور وہاں سے مجھے relief ملا۔ ہائی کورٹ سے میری ضمانت ہوئی لیکن اس کے باوجود انتظامیہ مجھے نہیں چھوڑتی تھی۔ ہائی کورٹ سے میری دو مرتبہ bail ہوئی۔ اس کے بعد میں اپنے گھر میں تھا' میرا بیٹا جو میرے کام کے پیچھے لگا ہوا تھا وہ مجھے جانے نہیں دیتا تھا کہ میں مسجد میں جا کر نماز ادا کروں۔ میرا اس سے اختلاف ہوا' میں نے اسے کہا کہ میں جب bail پر ہوں اگر دوبارہ بھی گرفتار ہو جاتا ہوں تو مجھے کوئی حرج نہیں لیکن میں نماز جماعت کے ساتھ مسجد میں جا کر پڑھوں گا۔ میں نے اس سے کہا کہ میرے اور آپ کے درمیان اختلاف پیدا ہو رہے ہیں۔ خدا شاہد ہے کہ ایک مظلوم کی حیثیت سے' ایک گناہ گار کی حیثیت سے میں نے جائے نماز کے اوپر بیٹھ کر یہ دعا مانگی تھی کہ میری جان یہاں سے کب چھوٹے گی۔ یہ حالات کب تبدیل ہوں گے؛ میری حکمرانوں سے عرض ہے کہ آہ بڑی بری چیز ہے اس سے آپ بچیں۔اس ملک میں جو غربت ہے' اس ملک میں جو بے روزگاری ہے' جو ناانصافی ہے اس کے لیے لوگوں کے دلوں سے آہیں نکلتی ہیں' اس سے آپ بچیں۔ میں پھر یہ بتا رہا ہوں کہ صبح کو میں نے دعا مانگی اور شام کو ٹی وی کے اوپر نواز شریف کی حکومت کے خاتمے کا اعلان ہوا۔ اس کے بعدجب میری پارٹی نے' میری لیڈر نے ان کے ساتھ الحاق کیا تو میری کوئی رنجش نہیں ہے لیکن میں یہ بات بتا رہا ہوں۔ سب سے پہلے میری گزارش حزب اقتدار والوں کے لیے ہے کہ آپ حکومت کے وارث ہیں' آپ کے ہاتھ میں وہ لگام ہے جس سے آپ لوگوں کے مسائل حل کر سکتے ہیں۔ ایسا نہ ہو کہ لوگوں کے مسائل حل نہ ہوں اور وہ آہیں ہمارے ملک کو نقصان پہنچائیں۔

جناب! اس کے بعد میری مختصر بات یہ ہے کہ میں اپنی پارٹی کے لیڈروں کا شکر گزار ہوں جیسے رضا ربانی صاحب Leader of the Opposition ہیں اور دوسرے ہیں لیکن میں اپنی پارٹی کا بے حد مشکور ہوں کہ جنہوں نے میری services کو مدنظر رکھتے ہوئے مجھے یہ موقع دیا کہ میں تین سال کے لیے اس ہاؤس کے اندر جو مجھ سے ہو سکے اس ملک کے حالات کی بہتری کے لیے کروں۔ صرف اتنا کہوں گا کہ میرے سندھ کے بہت ہی مشکل مسائل ہیں۔ سندھ کے بہت

مسائل ہیں۔ سندھ اس ملک کا سب سے بڑا سرسبز اور شاداب صوبہ ہے۔ اس صوبے کے اندر تیل و گیس ہے' اس کے زرعی وسائل ہیں اس کے باوجود ان کو حق نہیں مل رہا۔ این ایف سی ایوارڈ جو ملا ہے اس پر بھی سندھ کے لوگوں کے اعتراضات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم تیل وگیس کا 60% دیتے ہیں اس کے باوجود بھی اس کے main offices اسلام آباد میں ہیں' سندھ کے اندر نہیں ہیں۔ سندھ کے لوگ روزگار کے لئے' بڑے پریشان حال ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ آنے والے دوست چاہے وہ حزب اقتدار کے ہوں' چاہے حزب اختلاف کے ہوں' ہمارے مسائل کو حل کرانے کے لئے جدوجہد کریں گے تاکہ لوگ دعائیں دیں۔ میں اپنے پاکستان کے لئے دعا کرتا ہوں کہ وہ سرسبز و شاداب رہے۔ اس کی جو مصیبتیں اور تکلیفیں ہیں' جو حالات ہیں وہ دور ہوں۔ میں آپ کا بہت شکر گزار ہوں۔

جناب چیئرمین، کنرانی صاحب جانا چاہتے ہیں' اگر ان کو سن لیں اور اس کے بعد برخاست کر لیں۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد ، اس کے بعد ایک منٹ مجھے دیں۔

جناب چیئرمین، اچھا' امان اللہ کنرانی۔

سینیٹر امان اللہ کنرانی ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا اور اس ایوان میں بیٹھے ہوئے اور اس ایوان کے عمل کو چلانے کے لئے مدد ومعاون ثابت ہونے والے' جن کا میں فرداً فرداً نام نہیں لے سکتا' سب کے تعاون' اخلاص اور محبتوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ہم نے تین سال جس محبت اور جس خلوص اور جس اتفاق کے ساتھ وقت گزارا۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمیں اس کا احساس بھی نہیں ہوا کہ اتنا بڑا عرصہ اتنا جلدی گزر گیا اور یہ سب کچھ محبتوں کا نتیجہ ہے اور ہمیں ایسے محسوس ہوتا تھا کہ یہ ایوان ہمارا دوسرا گھر ہے۔ ہمیں اس طرح تحفظ کا یقین تھا کہ ہمارے سر پر یہاں کے نائب قاصد سے لے کر چیئرمین تک کا سایہ ہے۔ ان دوستوں کا ہمارے سروں پر احساس تحفظ ہے۔ جناب چیئرمین! یہ بھی کہتے ہوئے اس ایوان کے ریکارڈ پر لانا چاہتا ہوں کہ زندگی کے بہت سے نقوش انمٹ ہوتے ہیں۔ یہاں تین سال میں کم از کم ایک نقش جو آپ کی ذات کے حوالے سے ہے وہ میرے دل میں انمٹ رہے گا کہ آپ کا جو عجز اور

انکساری ہے اور خاص طور پر جب بھی ہم سفر میں رہے ہیں آپ کا جو ہم نے کردار دیکھا ہے شاید وہ بیان سے بھی باہر ہو' بیٹھ کر اس کا اظہار بھی نہیں کر سکتے ہیں۔ ایسا تحمل اور آپ کی ذات قابل تعریف ہے۔ اسی طرح یہ ادارہ اپنی عظمت کے لحاظ سے بہت عظیم ہے کہ اس کو وفاق کی چار اکائیوں کی برابری کا رتبہ حاصل ہے مگر افسوس کے ساتھ بھی کچھ کہنا پڑتا ہے کہ اس ادارے نے باوجود اپنی کوشش کے' چاہے ایوان کے اس طرف بیٹھنے والے لوگ ہوں' چاہے اس طرف بیٹھنے والے لوگ ہوں' دونوں نے مل کر کوشش کی' اخلاص کے ساتھ کوشش کی' تعاون کے ساتھ کوشش کی۔ میں اگر حزب اقتدار کے تعاون کا شکریہ ادا نہ کروں تو میں اپنے آپ کو گناہگار محسوس کروں گا۔ اس پارلیمنٹ کو' اس ادارے کو چلانے کے لئے' ایوان کے اس طرف بھرپور کوشش ہوتی رہی مگر کچھ ایسے خفیہ ہاتھ' وہ انجانے ہاتھ' وہ تاریک سایے پتا نہیں کہاں پر ہیں جو اس ملک کو گھٹاٹوپ اندھیرے کی طرف لے جا رہے ہیں' جو اس ایوان کے تقدس کو پامال کر رہے ہیں۔ میں کسی کے جذبات کی بات نہیں کرتا ہوں۔ میں ان دنوں کی بات کرتا ہوں کہ جن دنوں یہاں پر پارلیمانی کمیٹی بنائی گئی تھی اور یہ جانتے ہوئے کہ ہمارے پاکستان کی بڑی پارٹیاں' پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ نواز شریف گروپ دونوں کے تحفظات تھے۔ اس سسٹم کے بارے میں بھی ان کے تحفظات تھے' اس ادارے کو چلانے کے بارے میں بھی ان کے تحفظات تھے۔ ان کے 2002 کے الیکشن کے بارے میں بھی تحفظات تھے مگر بلوچستان کے مسئلے کے حوالے سے' اس کی سنگینی کے حوالے سے انہوں نے ان پارلیمانی کمیٹیوں میں بیٹھنا پسند کیا اس کے علاوہ وہ حکومت کے ساتھ کہیں بھی نہیں بیٹھے اس لئے کہ وہ اس حکومت کو genuine تسلیم نہیں کرتے تھے ۔ ہم سب اس کا حصہ تھے مگر ہم سب نے اس پارلیمانی کمیٹی میں شرکت کی ' اپنا in put دیا اور پارلیمانی کمیٹی کی کچھ تجاویز بھی مرتب ہوئیں لیکن آج تک ہمیں احساس ہے' آپ مانیں اور تسلیم کریں گے کہ اس کا انجام بد سے بدتر ہوا۔ اس کے اندر جناب مشاہد حسین سید صاحب کی پارلیمانی کمیٹی جو current issues کے حوالے سے تھی اس میں تجویز کیا گیا تھا کہ بلوچستان میں فوجی چھاؤنیوں کی تعمیر کو التواء میں رکھا جائے گا۔

جناب چیئرمین! وہاں پر نہ صرف فوجی چھاؤنیوں کی تعمیر شروع ہوئی بلکہ فوجیوں کو بھی لاکر وہاں پر بٹھا دیا گیا۔ آج بلوچستان آگ اور خون میں مبتلا ہے ۔ پھر جناب چیئرمین! اس

کے اندر یہ بھی تجویز کیا گیا تھا کہ بلوچستان کی levy force کو ختم کرنے کی بجائے موثر بنایا جائے گا ۔ اس کو بلوچستان کے معروضی حالات کی بنا پر اس کو بہتر force بنایا جائے گا۔ آج حالت یہ ہے کہ اس پارلیمانی کمیٹی کی تجاویز کے برعکس levies force کو ختم کیا جا رہا ہے جو صوبے کی ایک popular force ہے ۔

جناب چیئرمین ! اس پارلیمانی کمیٹی نے تجویز کیا تھا کہ جتنے سیاسی کارکن وہاں گرفتار ہیں' ان کے مقدمات کا از سرنو جائزہ لیا جائے گا اور لوگوں کو رہا کیا جائے گا مگر جناب چیئرمین! اس کے برعکس یہ ریکارڈ پر ہے کہ پارلیمانی کمیٹی رپورٹ کے برعکس چار ہزار سے زائد سیاسی کارکنوں کو گرفتار کئے رکھا ہے اور ان کو اذیتیں دی جا رہی ہیں اور سینکڑوں کے بارے میں ابھی تک پتا ہی نہیں ہے کہ وہ کہاں پر ہیں۔

جناب چیئرمین، وقت کا خیال رکھیے گا۔

سینیٹر امان اللہ کنرانی، جناب چیئرمین! اسی طرح بلوچستان پر ایک ایسا operation شروع کر دیا گیا ہے جس کے بارے میں ہم گزشتہ دو سال سے بولتے رہے ہیں اور آج وہ آپریشن اس بدحالی میں ہے کہ ایک لاکھ سے زائد لوگ اپنے گھروں سے باہر ہیں اور سینکڑوں لوگوں کو شہید کر دیا گیا ہے ' سینکڑوں کو زخمی کر دیا گیا ہے اور ملک کی اہم ہستی جناب نواب اکبر خان بگٹی ' جیسے میرے دوست اسلم بلیدی نے کہا کہ اس وقت وہ پہاڑوں میں موجود ہے اور مزاحمت کر رہا ہے۔ وہ کوئی offence نہیں کر رہا ہے۔ کوئی جرم نہیں کر رہا ہے۔ زندگی کو بچانا اور اپنے بچوں کی زندگیوں کا تحفظ کرنا' اپنے حق کا تحفظ کرنا ہر انسان کا قانونی ' اخلاقی اور بین الاقوامی حق ہے اور یہ حق آئین ' قانون اور جنیوا کنونشن میں موجود ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس حق کے خلاف جو بھی عمل ہوگا اس میں ہر ایک کو حق حاصل ہونا چاہیے وہ اپنا دفاع کرے کہ وہ اپنا دفاع کر رہے ہیں مگر بدقسمتی سے اس ایوان کے توسط سے جو کچھ کہا گیا اس کی کہیں شنوائی نہیں ہوئی ۔ اس افسوس کے ساتھ اب ہم اس House کو چھوڑ رہے ہیں ۔ ہم ان اندھیروں کے اندر کوئی روشنی پیدا نہ کر سکے۔ ہماری دعا ہے اس روشنی کے لئے جو ہمارے نئے ساتھی آئے ہیں وہ کچھ کریں اور اس موقع پر میں ان تمام نئے ساتھیوں کو مبارکباد دیتا ہوں اور

خاص طور پر میں آپ کے توسط سے یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہاں اگلی سیٹوں پر بیٹھنے والے ہم دو نشستیں خالی کر رہے ہیں قوم پرست تنظیموں کے حوالے سے یہ اعلان کرتے ہوئے ، آپ کو بتاتے ہوئے جناب چیئرمین ! خوشی محسوس کرتا ہوں کہ ہمارے دو کی جگہ پر تین ساتھی منتخب ہو کر آئے ہیں ۔ یہ ایک قسم کا ریفرنڈم ہے کہ بلوچستان میں جو ongoing فوجی آپریشن ہے اس کے خلاف لوگوں کی ہمدردیاں کتنی ہیں اور لوگ اس کے کتنے حق میں ہیں۔ آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ لوگ اس فوجی آپریشن سے اتنی نفرت کرتے ہیں کہ شاید ہمیں اپنی strength کی بنیاد پر ایک سیٹ لینا بھی مشکل تھا۔ مگر ہم الحمد للہ ، اپنے دوستوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے تعاون اور محبت سے اور دوسرے بنچوں پر بیٹھ کر بھی ہمارے حالات کے تناظر میں ہماری مدد کی اور ہم دو کی بجائے تین منتخب ہوکر آئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو اس سے سمجھ جانا چاہیے کہ یہ ایک ریفرنڈم تھا ۔ اس ریفرنڈم میں بلوچ اور پشتون عوام نے ثابت کردیا ہے کہ بلوچستان میں جو فوجی آپریشن جاری ہے وہ عوامی امنگوں کے خلاف ہے اور یہی وجہ ہے بلوچستان میں اب بھی آپریشن جاری ہے ۔ تین مرتبہ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس بلایا گیا لیکن وہ منعقد نہیں ہو سکا۔ بہت بہت شکریہ جناب چیئرمین! آپ کو بار بار interrupt کرنا پڑا ۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین، پروفیسر خورشید احمد۔

سینیٹر پروفیسر خورشید احمد، جناب چیئرمین! میں چونکہ کچھ ذاتی مصروفیات کی بنا پر evening session میں نہیں آسکوں گا اس لئے آپ کی اجازت سے دو باتیں کہنا چاہتا ہوں ۔

پہلی بات یہ کہ تمام ساتھی جو ریٹائر ہو رہے ہیں خواہ ان کا تعلق حزب اقتدار سے ہے یا حزب اختلاف سے ہو ہم ان کی contributions کا دل کی گہرائیوں سے اعتراف کرتے ہیں۔ جن جذبات کا انہوں نے اظہار کیا ہے حقیقت یہ ہے کہ وہ over powering ہیں۔ ہم انہیں یقین دلاتے ہیں کہ چاہے وہ اس ایوان میں نہ ہوں لیکن ہم انشاء اللہ ان کی جدوجہد میں ساتھ ہیں۔

دوسری بات میں جناب والا ! یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ریکارڈ پر ہے کہ شاید اس سینیٹ نے یہ بات اس سے پہلے بھی منظور کی تھی کہ وہ تمام سینیٹرز جو ریٹائر ہو گئے ہیں اور وہ re-elect نہیں ہو سکے ہیں ۔ان کے لئے سینیٹ کا یہ حق رہنا چاہیے کہ وہ جب بھی آنا چاہیں سینیٹ کی

حدود میں داخل ہوسکتے ہیں اور سینیٹ کے اجلاس کو بھی جب بھی وہ attend کرنا چاہیں ان کو pass کی ضرورت نہیں ہوگی بلکہ ان کے لئے permanent یہ سہولت حاصل ہونی چاہیے ۔ دوسری بات یہ بھی اس سے پہلے ہم نے کہی تھی اور آپ کو معلوم ہے کہ میں کبھی بھی سہولتوں اور مراعات کی بات نہیں کیا کرتا ہوں لیکن میرا خیال یہ ہے کہ ہمارے ریٹائرڈ سینیٹرز کا یہ حق ہے کہ جو courtesy ان کو بحیثیت سینیٹر VIP Lounge, Government Lodges میں حاصل رہی ہے وہ جاری رہنی چاہیے اور یہ کوئی نئی چیز نہیں ہے ۔ دنیا کی مختلف Parliaments کی یہی روایت ہے ۔ میں ابھی ترکی سے آ رہا ہوں ۔ ترکی میں ایک شخص جو Parliament کا ممبر ہو جاتا ہے اس کو for life وہ تمام courtesy حاصل ہوتی ہے چاہے آئندہ وہ elect ہو یا نہ ہو ۔ میرے خیال میں ہمیں یہ روایت قائم کرنی چاہیے۔

(اس موقع پر ایوان میں ڈیسک بجائے گئے)

تاکہ ان کا ہمارے ساتھ affiliation, تعلق' relationship اسی طرح باقی رہے ۔ میں یہی کہنا چاہتا ہوں شکریہ ۔

جناب چیئرمین، شکریہ ۔ جو کارڈ ہم اپنے ممبر کو دیتے ہیں اس پر Ex-Senator لکھا ہوتا ہے اور جو Lounges ہیں اس کا جہاں تک مجھے اندازہ ہے کہ already پہلے اس پر ایک approval تھی ۔ آغا صاحب اس کو دیکھ لیں گے ۔ آغا صاحب آپ سب مل کر اس کو اگر move کرلیں تو بہتر ہے ۔ قومی اسمبلی سے بھی coordinate کرلیں ۔

سینیٹر کامل علی آغا، اس میں جو بہتری ہوسکتی ہے وہ ضرور کرتے ہیں یہ بڑی اچھی بات ہے ۔ پروفیسر صاحب نے بڑی اچھی تجویز دی ہے ۔

Mr. Chairman: Thank you. We will adjourn for Friday Prayers, and the lunch and will reconvene at 3.00 p.m. Thank you very much.

سبحان ربک رب العزت عما یصفون والسلام علیٰ المرسلین والحمد للہ رب العالمین۔

(نماز جمعہ کے بعد سینیٹ کا اجلاس زیر صدارت جناب چیئرمین صاحب چار بجکر گیارہ منٹ پر دوبارہ شروع ہوا)

جناب چیئرمین، متین شاہ صاحب۔

سینیٹر متین شاہ، شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ مجھے یہ کہتے ہوئے انتہائی فخر محسوس ہو رہا ہے کہ میں اپنے تین سال کا دورانیہ مکمل کر کے ایک جمہوری عمل کے ذریعے اپنی قوم اور ملک کی خدمت کر کے آپ کو خدا حافظ کہہ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین صاحب! سیاسی عمل کسی نئے دور کا محتاج نہیں ہے - یہ ایک عمل اور جہد مسلسل کا نام ہے جسے ایک سیاسی کارکن ہمیشہ جاری رکھتا ہے۔ مجھے اپنے عوام کی خدمت خواہ کسی بھی فورم سے ہو، جاری رکھنی ہے۔ ان تین سالوں کے دوران مجھے سب سے زیادہ جس چیز نے متاثر کیا ہے وہ بلامبالغہ آپ کی روایتی بردباری، تحمل، صبر، سکون، اطمینان سے اس ہاؤس کو چلانے کی صلاحیت ہے۔

اس کے بعد میں فرداً فرداً تمام سینیٹرز، Leader of the House, Leader of the Opposition اور اس ہاؤس کے قاصد سے لے کر سیکریٹری صاحب تک سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ خصوصاً اپنے دوست جناب لیاقت بنگزئی، مولانا گل نصیب، مولانا راحت حسین صاحب کا میں بے حد مشکور ہوں کہ وہ ہر ہر قدم پر میرے ساتھ تعاون کرتے رہے اور مجھے مفید مشوروں سے نوازتے رہے۔ اور آخر میں یہ عرض بھی کرتا ہوں کہ تین سال میں ہو سکتا ہے کہ مجھ سے کوئی ایسی کوتاہی ہوئی ہو، کوئی ایسی غلطی ہوئی ہو جس سے کسی معزز ممبر کی دل آزاری ہوئی ہو۔ میں اس پر پورے ہاؤس سے معافی چاہتا ہوں۔ شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔

جناب چیئرمین، ہدایت شاہ صاحب۔

سینیٹر سید ہدایت اللہ شاہ، شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ آج میں آپ کے سامنے یہ کہتا ہوں کہ ہمارا تین سالہ دور ایک جمہوری عمل کے ذریعے سے اختتام کو پہنچ رہا ہے۔

سب سے پہلے میں اپنی جماعت کا بہت مشکور ہوں کہ انہوں نے مجھے ایوان بالا تک پہنچایا اور بالخصوص قائد ملت اسلامیہ مولانا فضل الرحمٰن کا اور اپنی صوبائی جماعت کا کہ انہوں نے مجھے اپنے نقطہ نظر سے منتخب کیا تھا۔ الحمدللہ جب ہم یہاں ایوان بالا میں پہنچے تو ہم نے ملک کے

جناب محمد علی جناح مرحوم نے جو پاکستان کا نعرہ قوم کو دیا تھا کہ پاکستان کا مطلب کیا لا الہ الااللہ' اس کی اشاعت اور اس کی تنقید کے لئے مجھے میری جماعت نے منتخب کیا تھا۔ الحمدللہ ہم اپنی بساط اور طاقت کے مطابق اس ذمہ داری کو پورا کرتے رہے۔ جناب چیئرمین! اس کے بعد میں عرض کرتاہوں کہ اس پارلیمانی زندگی میں ہم نئے لوگ تھے اور اس میں ہمارا تجربہ نہیں تھا لیکن جب ہم یہاں پہنچے تو جس خلوص سے ہمارے ساتھ سینیٹ کے ملازمین نے' قاصد سے لے کر سیکرٹری صاحب تک' تعاون کیا ہے' اس پر میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اللہ پاک انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔

جناب والا! میں آپ کا بھی بے حدمشکور ہوں کہ آپ جس سیاسی بصیرت' سیاسی بصارت اور سیاسی تدبر سے دونوں اطراف کی باتیں سنتے رہے اور تحمل' بردباری اور افہام وتفہیم سے مسائل حل کرتے رہے اور اس ایوان بالا کو چلاتے رہے' یہ قابل تحسین ہے ۔ اللہ پاک سے میری دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کو قوم اور ملت اسلامیہ کی مزید خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ جناب والا! میں اپنے وزرا کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کیونکہ میں نے اپنے علم کے مطابق جو بھی سوالات کئے یا تحریکات پیش کیں' انہوں نے ان کے بڑے اچھے طریقے اور سلیقے سے زبانی اور تحریری جوابات دیے ہیں۔ جب میں یہاں آیا تھا تو میں نے اپنا نقطہ نظر اس وقت بھی بیان کیا تھا کہ پاکستان جس مقصد کے لئے بنایا ہے' وہ یہ ہے کہ یہاں اللہ کا نظام ہو اور اس زمین پر اللہ کے نظام کا قیام ہو۔ میری جماعت کا ایک نعرہ بھی ہے' جمیعت کی دعوت ہے اور جمیعت کا پیغام ہے کہ "خدا کی زمین پر خدا کا نظام" اس مشن کو پھیلانے کے لئے ہم پہلے بھی اپنا فرض ادا کرتے رہے اور آج اس ایوان سے رخصت ہوتے ہوئے بھی آپ کی وساطت سے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ تمام مسائل کا حل اسی نظام کے نفاذ میں ہے۔ صوبائی تعصب' فرقہ واریت' قومیت اور قوم پرستی کا حل صرف یہ ہے کہ آپ اس پاکستان میں اللہ کا نظام نافذ کریں' اس سے پورے ملک میں عدل اور انصاف کا بول بالا ہوگا اور دشمنان پاکستان کا چہرہ سیاہ ہو گا۔

جناب چیئرمین! میں آپ کی وساطت سے یہ بھی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ تمام صوبوں کے ساتھ خواہ صوبہ سرحد ہو' خواہ بلوچستان ہو' خواہ سندھ ہو یا پنجاب ہو' ایک جیسا سلوک کیا

کے ساتھ خواہ صوبہ سرحد ہو، خواہ بلوچستان ہو، خواہ سندھ ہو یا پنجاب ہو، ایک جیسا سلوک کیا جائے۔ میری جماعت صوبائی سیاست نہیں کرنا چاہتی بلکہ میری جماعت ایک نظریاتی اور فکری سیاست کرنا چاہتی ہے۔ تمام صوبوں اور اقوام کے مسائل کا حل یہ ہے کہ اس ملک میں عدل اور انصاف کا بول بالا ہو اور صوبوں کے جو حقوق ہیں، وہ مساوی طور پر تقسیم کئے جائیں تاکہ لوگوں میں بے چینی دور ہو۔

جناب والا! میں آخر میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ چونکہ میں پہلے بھی یہاں عوام کے مسائل کی طرف آپ کی توجہ دلاتا رہا ہوں، اس لئے آج میں اپنی تقریر میں دو مسائل کی طرف آپ کی توجہ دلاتے ہوئے رخصت چاہتا ہوں۔ ایک مسئلہ تو ہمارے ساتھی، سینیٹ کے ملازمین کا ہے جن میں نائب قاصد سے لے کر سیکرٹری صاحب تک شامل ہیں۔ مطالبہ یہ ہے کہ جس طریقے سے قومی اسمبلی کے ملازمین کو ایک رعایت دی گئی ہے یا سہولت دی گئی ہے، اسی طریقے سے آپ ان ملازمین کے ساتھ اپنے دور میں اچھا معاملہ کریں گے تو اللہ پاک آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے گا۔

جناب چیئرمین! دوسرا مطالبہ آپ کی وساطت سے یہ کرنا چاہتا ہوں کہ یہاں ایک ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی ہے، ماڈل ٹاؤن کے گرد و نواح میں ایک سوسائٹی بن رہی ہے وہاں غریبوں کی زمینوں پر اس طریقے سے ہلا بولا جا رہا ہے جس طریقے سے دوسرے ملک کو فتح کیا جا رہا ہو۔ وہاں CDA کی زمین پر بھی قبضہ ہو چکا ہے اور وہ پلاٹ جو لوگوں کو الاٹ ہو چکے تھے ان پر بھی قبضہ کیا جا رہا ہے۔ جناب چیئرمین صاحب! میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر اسی طریقے سے غریبوں کی زمینوں پر، غریبوں کی جائیداد پر ڈنڈے کے زور پر قبضہ کیا جائے یا اسے قوت سے حاصل کیا جائے تو ملک میں دہشت گردی ختم نہیں ہو گی بلکہ زیادہ پروان چڑھے گی۔ آخر میں، میں پھر آپ کا اور دونوں طرف کے ممبرز حضرات جو سینیٹ کے فاضل ممبر تھے، ان کا بے حد مشکور ہوں اور آنے والے ممبران کو میں خوش آمدید بھی کہتا ہوں اور مجھے یہ خوشی ہے کہ مستقبل کے لئے جو ہمارے ممبرز آئے ہیں، بڑے عالم، علماء اور بڑے ماہرین آئے ہیں۔ ہمارے رضا ربانی صاحب دوبارہ آئے۔ جناب پروفیسر خورشید صاحب دوبارہ آ چکے ہیں۔ جناب! ہماری جماعت کے ایک نامور ساتھی اور مولانا گل نصیب صاحب اور پاکستان کے ایک نامور خطیب ڈاکٹر خالد محمود سومرو صاحب

بھی منتخب ہو کر آ رہے ہیں۔ان کو آپ جانتے بھی ہیں اور ہماری جماعت کے سسٹم میں مشہور بھی ہیں ۔ اسی طریقے سے وزراء صاحبان کو پاکستان کا تجربہ ہے۔ مستقبل میں پاکستان کو چلانے کے لئے مجھے امید ہے کہ پاکستان کے مفاد میں بات بھی کریں گے ۔ مجھے اپنا کوئی افسوس نہیں لیکن فرحت اللہ بابر صاحب کا بے حد افسوس ہے اس لیے کہ انہوں نے جس طریقے سے اس ایوان میں تین سال تک ہماری راہنمائی کی ' یا پاکستان کے عوام کے حق کے لیے آواز اٹھائی' ہمیں افسوس ہے کہ وہ اس وقت ایوان میں نہیں ہیں۔بہرحال میں آخر میں آپ سب حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ مجھے امید ہے کہ مستقبل میں یہ ایوان افہام وتفہیم سے ملکی مفاد میں چلتا رہے گا۔ و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

جناب چیئرمین، شکریہ ' ممتاز بی بی صاحبہ۔

سینیٹر ممتاز بی بی: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔یہ میرا پہلا تجربہ تھا ۔ میں اجلاس میں باقاعدہ حاضر رہی اور کارروائی میں حصہ لے کر بہت کچھ سیکھا جو میری آئندہ زندگی میں ایک قیمتی اثاثہ ہوگا اور میں اپنے لوگوں کی بہتر طور پر خدمت کر سکوں گی۔ کسی فرد کو ایک ہی جگہ پر ہمیشہ نہیں رہنا ہوتا ۔ ہر آنے والے کو جانا ہوتا ہے ' زودیا بدیر ' جگہ اگلے آنے والوں کے لیے چھوڑنی ہوتی ہے اس امید اور دعا کے ساتھ کہ وہ ہماری جگہ پر ہم سے بہتر کارکردگی دکھا سکیں۔

میری ایک درخواست ہے کہ نئے آنے والوں کے لیے training کا کوئی انتظام ہونا چاہیے۔ ان کو ٹیکنیکل اور ریسرچ سروسز کے ذریعے کام کے بہت سے مواقع دینے چاہئیں تاکہ وہ بہت سارا وقت ٹامک ٹوئیاں مارتے ہوئے' بار بار اپنے سوال واپس وصول کرتے ہوئے ' بل پیش کرنے کی صلاحیت بیدار کرنے میں اپنی مدت کا نصف حصہ نہ گزاریں۔ مجھے امید ہے کہ اس کا اہتمام کیا جائے گا اور مجھے شدید رنج ہے کہ شاید میں اس سے بہتر خدمات انجام دے سکتی ' مگر راہنمائی اور تربیت کا نظام نہ ہونے کی وجہ سے نہ کر سکی ۔میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس ادارے کو زیادہ با اختیار اور حقیقی جمہوری ادارہ بنائے اور تمام ممبران اپنی قوم کے لیے بہتر اور خوب سے خوب تر کام کریں اور ان غریب لوگوں کے لیے جو کہ آج کل بیروز کاری اور مہنگائی کے ہاتھوں دبے جا رہے ہیں۔ بہت شکریہ۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین۔ ممتاز بی بی صاحبہ! آپ نے بہت اچھی تجویز دی ہے۔اس وقت جو سیشن تھا ۔ جب سینیٹ کی ابتداء ہوئی تھی ' یہ ارادہ تھا لیکن اس وقت communication نہیں تھی۔ دونوں طرف aisle کے ان کی توجہ وہاں رہی۔اس دفعہ ہمارے جو سینئر ساتھی ہیں وہ بھی اور ویسے بھی اگر کوئی چاہے جن کو تجربہ ہو jurists کو' constitutionalists کو ' ان سے کہیں کہ آ کر interaction کریں تو انشاء اللہ آپ کی تجویز کو عملی جامہ پہنایا جائے گا۔ روشن خورشید بھروچہ

سینیٹر روشن خورشید بھروچہ : Thank you Mr. Chairman. میں سب سے پہلے آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں اور پھر سب کا شکریہ ادا کرتی ہوں ۔ ہم نے آپ سے tolerance, patience اور بہت کچھ سیکھا جو ہم ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ I feel کہ یہ ہماری سیاسی زندگی کی beginning تھی اور it is not the end of the political life. ہم retire ضرور ہوئے ہیں لیکن کام کبھی نہیں روکا جا سکتا۔ سینیٹ میں ہوں یا نہ ہوں مگر سینیٹ کے باہر' ملک ہمارا پاکستان ہے اور ہمیں اس کے لیے کام کرنا ہے ۔ ہم پہلے بھی ایک social worker رہے ہیں اور social work ہی کرتے رہیں گے۔میں اپنی پارٹی کا شکریہ ادا کرتی ہوں جس نے مجھے ٹکٹ دیا۔ میں صدر صاحب' وزیر اعظم صاحب' چوہدری شجاعت صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہوں اور خاص طور پر اپنے whip کا جنہوں نے ہر دور میں ہمارا ساتھ دیا' ہمیں آگے لے کر چلے اور ہمیں بہت کچھ سکھایا۔ میں اپنے لیڈر آف دی ہاؤس اور لیڈر آف دی اپوزیشن کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں اور یہ کہنا چاہتی ہوں کہ صرف یہ نہیں ہے کہ ہم یہاں اس ایوان میں ہیں تو کام کریں گے بلکہ باہر بھی ہم اتنا ہی کام کرتے رہیں گے چونکہ یہ ہمارا ملک ہے اور ہمیں ملک کا درد ہے اور ہمیں پتا ہے کہ ملک کے لیے ہمیں بہت کچھ کرنا ہے اور انشاء اللہ ہم یہ کر کے دکھائیں گے۔

میں اپنی Health Standing Committee جس کی میں chairperson تھی اس کے ممبران کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے ہمیشہ مجھے تعاون دیا اور جو کچھ ہم کر سکے health کے لیے وہ کیا۔

آخر میں، میں پورے سینیٹ سیکریٹریٹ کے عملے کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے ہر وقت ہمارے ساتھ تعاون کیا اور the most obedient staff ہے ہم سب کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

Thank you Mr. Chairman.

جناب چیئرمین، سینیٹر محمد اعظم خان سواتی۔

Senator Muhammad Azam Khan Swati: Thank you Mr. Chairman for giving me this opportunity to express myself at this high moment. The moment of grief and sorrow when several of my friends are going to say good bye. They were great guiding force for me, for this institution, for this great country of Pakistan, their courage, their unshakable public service to this institution will always be remembered. They were our friends yesterday, they are our friends today and they will be our friends tomorrow. They have given us a torch which bears words "democracy, freedom, constitution and equal justice for all". I assure them on behalf of this great House that we will keep the torch lit for ever. God bless all of us. God bless Pakistan. Good bye and thank you all.

جناب چیئرمین، کامران مرتضیٰ۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ، شکریہ جناب چیئرمین! آج ہمارے بہت سے ساتھی اس ایوان سے ریٹائر ہو کر جا رہے ہیں اور بظاہر ہمارے دل ان کے لیے آزردہ ہیں اور شاید ان کے بھی دل کچھ آزردہ ہوں مگر میں سمجھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے کسی کو بے سبب پیدا نہیں کیا۔ گزشتہ تین سال کے دوران اللہ تعالیٰ نے ان کو یہاں ایک role assign کیا تھا، انہوں نے وہ رول بہتر انداز میں ادا کیا۔ اب ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس سے کوئی بہتر رول چنا ہو اور وہ جب جائیں گے، اب اس وقت شاید ان کو یہ بات سمجھ میں نہ آ رہی ہو، مگر جب وہ جائیں گے تو بہت سی چیزیں ان کی منتظر ہوں گی۔ ہم سب ان کے لیے اچھی خواہشات کا اظہار کرتے ہیں،

نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں۔ اللہ کرے کہ وہ ملک اور قوم کے لیے اس سے زیادہ مفید ثابت ہوں۔ جو رول انہوں نے یہاں ادا کیا اس سے زیادہ مواقع اللہ تعالیٰ ان کو فراہم کرے کہ وہ آگے جا کر اس سے بہتر رول ادا کر سکیں۔

اس کے ساتھ ساتھ ایک اور چھوٹا مسئلہ جس کو ہم سب non-issue کہتے ہیں وہ بلوچستان کا مسئلہ ہے آج کی پھر خبر ہے، مجھے سعدیہ بی بی نے بتایا ہے کہ Net پر آج پھر خبر تھی کہ 29 لوگ land mine blast سے بلوچستان میں مر گئے ہیں۔ جناب! تین سال ہم نے جمہوریت کی ہے اور ایک term پوری کرنے کے بعد آج پھر یہ لگ رہا ہے کہ ہم وہیں پر پہنچ رہے ہیں جہاں سے ہم چلے تھے۔ ہم اگر ایک قدم آگے چلے ہیں تو دو قدم پیچھے جا رہے ہیں اور وزیرستان اور بلوچستان میں specially وہی حالات پھر پیدا کیے جا رہے ہیں جہاں پر جمہوریت کی گاڑی کو الٹنے کا خطرہ ہے۔ آپ سب ساتھ مل بیٹھ کر اس بارے میں سوچیں۔ بلوچستان بھی پاکستان کا حصہ ہے۔ اگر وہاں لوگ اس طرح روزانہ مرتے رہے تو اس سے اس کا کوئی end نہیں ہو گا بلکہ یہ ایوان اور اسمبلیاں سب کچھ سمیٹ لی جائیں گی، اس کے لیے بھی خدا را کچھ سوچیے۔ آپ کا بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین، رضا صاحب۔

سینیٹر رضا محمد رضا: جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں اپنے جانے والے ساتھیوں کو جنہوں نے ہمارے ساتھ تین سال گزارے، انہیں میں ان کے شاندار role پر داد اورتحسین پیش کرتا ہوں۔ دونوں طرف کے ہمارے ساتھیوں نے اپنی بساط کے مطابق اپنا کردار ادا کیا۔

جناب! سب سے اہم بات یہ ہے کہ جو دور گزرا وہ بہت تاریک تھا اور اب تاریک سے تاریک تر ہوتا چلا جا رہا ہے۔ جناب! اس تاریک دور میں آمریت کو بے نقاب کرنے اور اس سے نجات حاصل کرنے کے لیے جن لوگوں نے اپنا کردار ادا کیا آپ نے آج دیکھا کہ ان کا سرخیل فرحت اللہ بابر تھا۔ اس کے کامیاب نہ ہونے سے اس کے ساتھیوں کو صدمہ ہوا اور اس کی ناکامی سے تمام سینیٹ کو صدمہ ہوا۔ ساتھیوں نے ان کے role کو جس طرح سراہا اور انہیں خراج تحسین پیش کیا اس سے یہ ثابت ہوا ہے کہ کسی کی کوئی نیکی ضائع نہیں جاتی۔

کی حکمرانی کے لیے جو کاوشیں کیں ان سب کا ایوان نے اعتراف کیا۔ اسی طرح میں اسلم بلیدی کا نام لیتا ہوں کہ جنہوں نے محکوم قوم کے ایک نمائندے کی حیثیت سے جس خلوص اور جراتمندی کے ساتھ اپنی قوم اور اس ملک کی تمام محکوم قوموں کے حق میں بات اٹھائی وہ انتہائی داد وتحسین کے مستحق ہیں۔ میں ان سب ساتھیوں کو داد تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے اس ایوان کے وقار کو بلند کرنے کے لیے role ادا کیا۔ جناب! سماجی سائنس کے ماہرین کا کہنا ہے کہ سماجی ارتقا اور معاشرتی تقابل' ایک فرد خواہ وہ کتنا عظیم ہی کیوں نہ ہو' اس کے نہ ہونے سے وہ نہیں رکتا بلکہ زندگی پستی سے بلندی کی طرف آگے جاری ہے اور انشاء اللہ ہمارا یہ سماجی ارتقا جاری و ساری رہے گا اور ہماری کاوشیں اس کے لیے جاری رہیں گی۔ جناب! یہ بات باعث اطمینان ہے کہ ایسے لوگ منتخب ہوئے ہیں جن میں عبدالرحیم مندوخیل جیسے بلندپایہ پارلیمنٹیرین بھی ہیں جن کو شاید آپ جانتے ہوں۔ اسی طرح ڈاکٹر عبدالمالک صاحب کو میں جانتا ہوں جو ایک بڑے سنجیدہ پارلیمنٹیرین ہیں۔ دوسرے صوبوں سے ایسے لوگ منتخب ہوئے ہیں کہ سینیٹ کا وقار اور اس کی quality میں اضافہ ہو گا۔

جناب چیئرمین! آپ کی بڑی تعریف ہوئی اور میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ جن لوگوں نے آپ کی تعریف کی وہ حق بجانب تھے اور میں امید کرتا ہوں کہ اس ایوان کو مستقبل میں چلانے کے لیے ایسے ہی لوگوں کی ضرورت ہے۔ خدا کرے وہ ایسے لوگ ہوں کہ وہ اس سینیٹ کو غیر جانبداری اور شفاف انداز سے چلائیں تاکہ اس اہم ترین ادارے کو یہ مقام حاصل ہو کہ اس کے فیصلوں پر ہماری عوام کا اعتماد ہو وہ ہماری امیدوں اور ارمانوں کا ترجمان رہے۔ انہی تمناؤں کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور آپ کو بھی داد تحسین پیش کرتا ہوں گو کہ ہمارا ڈپٹی چیئرمین بڑے قلیل عرصہ کے لئے رہا اور یہ اس ایوان کے لئے ایک بری بات تھی کہ ہم کافی عرصے تک بغیر ڈپٹی چیئرمین کے رہے۔ آپ نے جس احسن طریقے سے ایوان چلایا وہ قابل تحسین ہے۔ میں آپ کو داد تحسین پیش کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین، شکریہ۔ جی الیاس بلور صاحب۔

Senator Ilyas Ahmed Bilour: Thank you very much Mr.

Senator Ilyas Ahmed Bilour: Thank you very much Mr. Chairman. First of all I must say that the role which you have played in this House for the last three years is highly appreciable and there was a little bit doubt to me initially that you may not be nominated again because you were playing almost a neutral role. Sometimes you were little bit...., something that I can't say but totally 99.9% you were neutral and you have really given a lot of appreciation, lot of time to the Opposition as well and you have been so patient. The patience you have I think nobody can have and especially I. Totally I do not have any patience but I must highly appreciate your patience. I am really unhappy about a lot of friends especially Farhatullah Babar who has contested from our province *"Paktoonkhawa"* and he was a man of vision and the way, the time when I got a news that I am elected and after one and half hours I got a news that Farhatullah Babar is not elected, I swear to God, I was not happy on my election but I was unhappy on his not being elected. He was not elected on a very very marginal and minimum points only. Now the person who is a political worker, all those persons who are the political workers, they really feel sorry for such a man because we have worked for politics, we have not worked for the money and the way I have been told on the Geo that the day now has been over, the days have been over that a normal man, a middle or medium class, top middle class people can contest now the election in the coming future because billions of rupees have been spent on the election and you know the package, it was a package deal in

my province, package deal.

پانچ ووٹوں کی package deal کی ادائیگی ہو رہی ہے۔

So, I am sorry to say that I have very highly condemned this thing because we have very simply downwards people, I have a very good house, God has given me children thanks God, God has given me little bit money but it does not mean that I should sell my house and spent 4 billion rupees on the Senate election. Sir, this is the thing which is condemnable I think that every political worker will condemn. I am a political worker from 1969. I have been to jail so many times. I have been to Lahore Qila, I have been hanged downward by head but I tell you sir, these things are shameful and we must discourage all these things. One thing which sir, I wanted to bring to your kind notice that today, it was in "Jang"

کہ پٹرول کی قیمتوں اور چینی کی قیمتوں میں جو مہنگائی ہوئی ہے وہ کیس نیب کو دے دیئے گئے ہیں۔ جناب میں نے اس کے بارے میں ایک مہینہ پہلے statement دی تھی کہ

The people sitting in the Central Government, they are very much responsible of the sugar crisis and the petrol crisis. Let them discuss with me, they are Ph.D., they should go to the colleges and be a principal over there, they do not know economy. What is economy? What is not the economy? Now this is the production season. This is the sugar production season and what will happen in June when there will be a big demand of the

What will happen at that time? demand ہوگی چینی۔ جب شربت لوگ مانگیں گے۔ چینی کی prices because of the world rate یہ غلط بات ہے کہ بڑھے ہیں۔ پٹرول کے بارے میں کہتے ہیں۔ پٹرول کی قیمت جب ستر ڈالر فی بیرل تھی، اس وقت یہ قیمت مقرر ہوئی

تھی تو انہوں نے کمپنیز کو یہ اختیار دے دیا تھا کہ وہ قیمت مقرر کریں۔ یہ حکومت کی غلطی ہے ۔ آج ۶۲ ریٹ ہے ۔ آج ڈالر کا ریٹ کم ہوا ہے۔ کیوں ڈیزل اور پٹرول کا ریٹ کم نہیں ہوتا ہے ؟ غریب عوام کو آپ لوگ پیسنا چاہتے ہیں یا کیا کرنا چاہتے ہیں ؟ یہ highly condemnable. ہے جناب میں معذرت کے ساتھ ' یہ بات میں نے اس لئے کی کہ میں ابھی نیچے اترا اور ایک اخبار میں دیکھا کہ نیب کو دے دیا ہے ' نیب کو دے دیا ہے ۔ What is this nonsense. اگر ریب اور نیب کو دینا ہے تو یہاں نیب والے منسٹر کیوں بیٹھے ہیں ؟ یہ صرف لوگوں کو دکھانے کے لئے ہے ۔ غریب عوام تو پس رہی ہے اور پھر میں highly appreciate ان دوستوں کو کرتا ہوں تین سال میں ' چند ایسے دوست بھی ہیں جنہوں نے کھڑے ہوکر Mr. Chairman بھی نہیں کہا ' میں ان کو بھی appreciate کرتا ہوں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین، رزینہ عالم صاحبہ۔

سینیٹر رزینہ عالم خان، جناب چیئرمین! آج ہم اپنے ساتھیوں کو خدا حافظ کہہ رہے ہیں۔ میں سمجھتی ہوں کہ اس طرف بیٹھے ہوئے ہمارے بھائی بہن اور Treasury Benches کے دوست ہم سے رخصت ہو رہے ہیں۔ ان کی کارکردگی نے اس ایوان کو بہت تقویت بخشی اور ان کو میں خراج تحسین پیش کرتی ہوں اور ایک شعر ان کی خدمت میں پیش کرتی ہوں ۔ چونکہ وہ سیاستدان ہیں اور سیاستدان کبھی ریٹائر نہیں ہوتا کہ

جہاں میں اہل ایماں صورت خورشید جیتے ہیں

اِدھر ڈوبے ادھر نکلے ادھر ڈوبے اِدھر نکلے

تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ اپنا اچھا کام جاری رکھیں گے ۔

جناب والا! خواتین کی seats کے حوالے سے میں ایک چیز آپ کے نوٹس میں لانا چاہتی ہوں۔ چونکہ آپ کے علم میں ہے کہ ہماری اٹھارہ خواتین اس ایوان میں تھیں اب سترہ رہ گئی ہیں۔ یہ ایک set back ہوا ہے ہم خواتین کی percentage کو ' میری دعا ہے اور میں امید رکھتی ہوں انشاء اللہ ' کہ آئندہ الیکشن میں general seats پر بھی خواتین آئیں گی۔ چونکہ یہ آبادی کا آدھا حصہ ہیں تو اپنی representation بڑھائیں گی انشاء اللہ ۔

جناب والا! آپ کی جو کارکردگی رہی ہے اور جس طریقے سے یہ ایوان چلایا ہے ' جس پروقار طریقے سے' برداشت اور تحمل سے یہ ایوان چلایا گیا ہے میں اس کو خراج تحسین پیش کئے بغیرنہیں رہ سکتی اور میری دعا ہے اور میں امید کرتی ہوں کہ انشاء اللہ آئندہ بھی یہاں پر آپ ہی رہیں گے اور آپ ہی اس ایوان کی پروقار طریقے سے سرپرستی کریں گے۔ میں ایک دفعہ پھر اپنے ساتھیوں کو بہت سی دعائیں دوں گی کہ جو یہاں سے رخصت ہو رہے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں اپنی عافیت میں رکھے اور ان کو اس سے بھی بہتر مواقع عطا فرمائے ۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین، گلشن سعید صاحبہ۔

سینیٹر گلشن سعید ، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب چیئرمین! مجھے آج اس بات پر بڑا دکھ ہے کہ ہمارے آدھے ساتھی جا رہے ہیں اور بے شک میری ان سے politically اتنی دوستی نہیں رہی ' مگر میں سب سے پہلے' ان کا اگر میری وجہ سے کبھی دل دکھا ہو تو میں ان سے معذرت کرنا چاہتی ہوں۔ چونکہ میں نے جو بھی بات کی ہمیشہ قوم کے مفاد میں کی ۔ پاکستان کو ایک رکھنا ' چاروں صوبوں کے بھائیوں کو اکٹھا رکھنا یہ ہمارے فرض میں شامل ہے ۔ کبھی کبھی جب کسی نے پاکستان توڑنے کی بات کی ' پاکستان کو یہ کہا کہ یہ ایک بدقسمت ملک ہے اور یہاں کے لوگ کچھ سوچتے سمجھتے نہیں تو مجھے افسوس ہوا ہے۔ کیونکہ میں سمجھتی ہوں کہ ماشاء اللہ ہمارے ملک میں دانشور بھی ہیں ' سائنسدان بھی ہیں ' پڑھے لکھے لوگ بھی ہیں۔' کسی چیز کی کمی نہیں سوائے اس کے کہ ہمارا زیادہ طبقہ غریب ہے ۔ اور اس کی بھلائی کے لئے میں نے ہمیشہ بات کی ۔ مجھے کئی دفعہ یہ احساس ہوتا تھا کہ میں جذبات کی رو میں بہہ کر کچھ زیادہ ہی اونچی آواز میں بات کرتی تھی۔ اس کے لئے مجھے اب بھی افسوس ہے۔ مگر بہرحال ان کو یہ تسلی رکھنی چاہیے کہ جو کھری اور سیدھی بات کرتا ہے وہ دل کا بھی صاف ہوتا ہے۔ میں ان کو ہمیشہ یادرکھوں گی۔ مجھے ان کا دکھ رہے گا مگر میں ان سے یہ توقع رکھوں گی کہ یہ سیاسی لوگ ہیں ۔ سیاسی لوگ' اگر کوئی اسمبلی میں ہے یا سینیٹ میں ہے یا پارلیمنٹ سے باہر بھی چلے جائیں تو وہ اپنا کام کبھی نہیں روکتے' وہ جاری رکھتے ہیں۔ تو ان کو چاہیے کہ پاکستان کو مضبوط اور بہتر کرنے کے لئے اور ترقی کے راستے پر ڈالنے کے لئے اپنی کوششیں کبھی ترک نہ کریں ۔ میری

دعائیں ان کے ساتھ رہیں گی ۔ اس کے علاوہ ہم ابھی ساتھ ہیں تو میں سمجھتی ہوں کہ ہم پہلے سے بھی زیادہ جناب چیئرمین کوشش کریں گے کہ پاکستان کو صحیح جمہوریت دیں ۔ عوام کو صحیح سہولیات دیں۔ جن باتوں پر ان کو اعتراض ہوتا تھا وہ ختم کرنے کی کوشش کریں ۔ اس کے علاوہ میں سمجھتی ہوں کہ یہ جتنے لوگ جا رہے ہیں ان کے جو جذبات ہیں وہ ہم بھی محسوس کرتے ہیں چاہے ہم اپوزیشن میں بیٹھے ہیں۔

جناب چیئرمین! آپ نے جس طرح ہماری سرپرستی کی ہے بلکہ ان کی سرپرستی کی ہے وہ بھی قابل دید ہے ۔ میں سمجھتی ہوں کہ آئندہ آنے والے سالوں میں بھی آپ ہی ہمارے چیئرمین رہیں گے کیونکہ آپ نے کبھی فرق نہیں کیا۔ آپ کا چناؤ ہم کرتے ہیں لیکن آپ نے ہمیشہ انصاف اور سچائی کا ساتھ دیا ۔وہ لوگ بھی آپ کو ایسا ہی سمجھتے ہیں جیسا کہ میں سمجھتی ہوں کیونکہ آپ غیر متنازعہ شخصیت ہیں جس پر ہمیں فخر ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ ۔جی پری گل آغا صاحبہ۔

سینیٹر آغا پری گل: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! ویسے آج کا دن ایسا دن ہے کہ اپنے ساتھیوں کے بچھڑنے کا دن ہے ۔ ہمارے جتنے بھی ارکان ہیں وہ اس وقت غمگین بھی ہیں اور دوسری طرف جو ہمارے نئے ساتھی آئے ہیں ہم ان کو welcome کرتے ہیں ۔ جیسا کہ ہم تین سال ایک فیملی کی طرح لڑتے بھی رہے، جھگڑتے بھی رہے ۔ دو سال تک ہماری لڑائیاں بھی ہوتی رہیں۔ٹھیک ہے اپنے حق کے لئے لڑنا چاہیے جو ہمارا حق بنتا ہے۔ ظاہر ہے ہم ان کے نمائندے ہیں اپنے صوبے کے حقوق کی لڑائی لڑنی چاہیے ۔ یقین کریں اس لڑائی میں بھی بہت مزا آتا تھا، بہت ہی اچھا لگتا تھا جیسے ایک گھر کے افراد اپنے حقوق کے لئے آپس میں لڑ رہے ہوں ۔یہ ہمیں بہت یاد آئیں گے اور بہت ہی زیادہ یاد آئیں گے ۔خاص طور پر ہماری جو بہنیں ہیں نگہت آغا، تنویر خالد، روشن بھروچہ، شیریں نور، ممتاز بی بی آپ یقین کریں مجھے ان کے جانے کا بڑا دکھ ہے ۔ کوئی بات نہیں اللہ نے چاہا تو یہ دوبارہ بھی آجائیں گی ۔ اگر ہم اپنے ملک اور قوم کی خدمت کرنا چاہیں تو اسمبلی کے اندر بھی اور باہر بھی کرسکتے ہیں ۔ ہمارے کچھ لوگ جو اسمبلیوں میں نہیں تھے مگر وہ social worker تھے ۔ اگر ہم پاکستان کے لئے اپنی جان

بھی دیں تو کم ہے۔

جناب چیئرمین! میں اپنے آنے والے ساتھیوں کو خوش آمدید کہتی ہوں اور دعا کرتی ہوں اور ان سے ایک درخواست کرتی ہوں کہ جس طریقے سے ہم نے پچھلے دو سال گنوائے ہیں اب اگر آنے والے دو سال بھی ہم اسی طرح دھڑم دھڑم سے گزاریں گے اور مشکلات سے گزاریں گے تو پھر ہمارا کیا بنے گا۔ اس لئے ہم سارے مل کر کام کریں۔ ٹھیک ہے اپوزیشن کا کردار اپنی جگہ ہے۔ اپنی پارٹیوں کی اپنی جگہ ہے۔ ہم سارے مل کر پاکستان کی سالمیت اور بقا کے لئے کام کریں اور کبھی بھی پاکستان کو برا بھلا نہ کہیں کیونکہ اس پر پوری قوم ہم سے نفرت کرنے لگتی ہے کہ آپ قومی یا صوبائی اسمبلیوں میں بیٹھے ہو اور وہ بھی پاکستان کی اسمبلیوں میں اور پاکستان کے خلاف بات کرتے ہو۔ اب یہ سسٹم ختم ہونا چاہیے۔ ہمیں رواداری اور اخوت کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ ہم ایک نئے دور کا آغاز کریں جس میں پاکستان کی سلامتی اور ترقی کے لئے اقدامات کریں۔ ہمارے رضا ربانی صاحب نے دو تین سال میں جو اپوزیشن لیڈر کا کردار ادا کیا وہ بہت ہی اچھا تھا' ایک اچھے اپوزیشن لیڈر کے طور پر کام کیا۔ ہمیں یہ محسوس ہی نہیں ہوا کہ یہ اپنے ہیں یا پرائے' ایک ایسا ماحول انہوں نے اس ایوان میں دیا۔ یہ point to point بات کرتے تھے۔ وسیم سجاد صاحب ہیں ہمارے کامل علی آغا صاحب ہیں انہوں نے بھی سینیٹ کے لئے بہت اچھا کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے تین سال سینیٹ کی بہت خدمت کی ہے۔ خاص طور پر اگر میں آپ کے بارے میں بات نہ کروں تو بڑی ناانصافی ہوگی کیونکہ آپ نے کبھی بھی یہ نہ سمجھا کہ ان سیٹوں پر کون بیٹھے ہوئے ہیں۔ حالانکہ ہم آپ سے لڑتے رہے ہیں ہم اس کے لئے معافی چاہتے ہیں۔ لڑتے اس لئے رہتے تھے کہ آپ اپوزیشن کو زیادہ time دیتے ہیں اور ہمیں کم time دیتے ہیں' مگر یہ ہے کہ آپ بہت ہی انصاف والے انسان ہیں۔ آپ نے انصاف کیا۔ آپ نے سینیٹ کو ایسے چلایا۔ میں خود حیران تھی کہ ٹھیک ہے تھوڑا سا وہ لڑتے تھے اور باہر نکلتے تھے۔ آپ کہتے کہ جاؤ' بھاگو سارے ان کو منا کر لے آؤ۔ بالکل ہمارے اپنے ہیں کیوں نہ آئیں؟ ٹھیک ہے پارٹیاں اپنی جگہ ہیں مگر یہاں پر سارے سینیٹرز ایک برابر ہیں۔ ہم سب کی عزت برابر ہے' چاہے کوئی ادھر بیٹھے یا ادھر بیٹھے' عزت ہماری ایک ہے۔ اگر کسی کی بھی بے عزتی ہوگی تو ہم سب کی بے عزتی ہوگی۔ مگر میں آپ کو appreciate کرتی ہوں کہ آپ نے اتنے اچھے طریقے سے سینیٹ کو

تین سال چلایا۔ آپ نے یہ بالکل نہ دیکھا کہ بھئی وہ کون اور یہ کون ہے؟ آپ نے بالکل neutral کام کیا۔ اگر کسی بھی سینیٹر کا problem ہوتا تو آپ نے فوری طور پر حل کروایا۔

ہم دیکھ رہے ہیں کہ قومی اسمبلی میں کیا ہو رہا ہے؟ آپ کو بھی پتا ہے اور ہمیں بھی پتا ہے کہ روزانہ کورم ٹوٹ رہا ہے اور دوسرے واقعات ہو رہے ہیں مگر یہاں پر آپ کے اخلاق کی وجہ سے نہ ہمارا کبھی کورم ٹوٹا اور نہ کبھی ہم لوگوں نے آپس میں ایک دوسرے کے بال پکڑے۔ یہ آپ کی سرپرستی تھی اس لئے یہ ماحول اچھا رہا۔ اگر میں سیکرٹری سینیٹ کا ذکر نہ کروں تو بڑی نا انصافی ہوگی۔ انہوں نے بھی سینیٹرز کے ساتھ بہت ہی اچھا role ادا کیا۔ سینیٹ کے تمام عملے نے سینیٹرز کا بہت خیال رکھا ہے۔ یعنی صبح سے لے کر شام تک اجلاسوں میں بیٹھنا اور کام کرنا اور ہمارے جتنے بھی مسئلے مسائل تھے ان کو حل کرنا۔ میں آخر میں پھر آپ کے لئے دعا کروں گی کہ آپ آنے والے وقت کے لئے بھی چیئرمین سینیٹ بن جائیں تاکہ سینیٹ اسی طرح اچھے طریقے سے چلتا رہے۔ میری دعا پاکستان کے لئے ہے' اپنے جانے والے لوگوں کے لئے ہے اور آنے والے لوگوں کے لئے ہے۔ ان کے لئے دعا کرتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو زندگی دے اور انہیں سلامت رکھے۔ جس طرح انہوں نے کارڈ وغیرہ کا کہا تھا کہ سینیٹر اگر ریٹائر بھی ہو جائے تو پھر بھی ان کے پاس سینیٹر کا کارڈ رہے تو یہ ایک مہربانی کریں۔ جس طرح اب سینیٹرز ہیں اگر یہ ریٹائر بھی ہو جائیں تو اسی طرح ان کو عزت دی جائے اور ان کا وقار برقرار رہے۔ وہ اپنے آپ کو یہ نہ سمجھیں کہ ہم ریٹائرڈ سینیٹرز ہیں۔ بالکل اپنے آپ کو یہ سمجھیں کہ ہم سینیٹرز ہیں۔

میں آخر میں پاکستان کے لئے دعا کرتی ہوں کہ اللہ ہمارے پاکستان کو سلامت رکھے۔ پروردگار پاکستان کا سایہ ہمارے سر پر رہے۔ اگر پاکستان ہے تو ہم ہیں۔ سینیٹ ہے اور قومی اسمبلی ہے۔ خدا نخواستہ پاکستان نہ ہو تو کچھ بھی نہ ہوگا۔ میں بلوچستان کی بات کر رہی ہوں کہ جس طرح ہمارے سینیٹرز نے کہا کہ بلوچستان میں اتنے لوگ مرے ہیں۔ جناب چیئرمین صاحب! اس کی آپ ذرا تحقیقات کرائیں کہ بلوچستان میں problem کیا ہے؟ کیا مسئلہ ہے؟ روزانہ کوئی نہ کوئی بم دھماکہ ہوتا ہے۔ تو یہ ذرا آپ اپنے طور پر پتا کروائیں کہ یہ کیوں ہو رہا ہے؟ میں تو سمجھتی ہوں کہ بلوچستان کے لوگ کبھی بھی ایک دوسرے کو مارتے نہیں ہیں۔ نہ ایک دوسرے پر بمباری

کرتے ہیں۔ ضرور بلوچستان میں کوئی شیطانی حرکت کر رہا ہے جس سے ہمارے بلوچستان کو تباہ کیا جا رہا ہے۔ میں آخر میں سب کو خدا حافظ کہتی ہوں اور نئے آنے والوں کو خوش آمدید کہتی ہوں۔ شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین، شکریہ۔ آپ نے جو کارڈ کا کہا ہے وہ انشاء اللہ کریں گے۔ ایک کارڈ تو entry to Parliament ہے' وہ تو کارڈ already ہے۔ دوسرے کارڈ کا بھی انشاء اللہ دیکھ کر ہو سکتا ہے۔ آپ کی مشاورت کے ساتھ انشاء اللہ ہو گا۔ احمد علی صاحب۔

سینیٹر احمد علی، شکریہ۔ جناب چیئرمین صاحب! بہت تعریفیں ہو رہی ہیں ہر طرف سے۔ ماشاء اللہ۔ میں تو کہتا ہوں کہ انسان وہی ہے جو اپنی غلطیوں سے سیکھ لے۔ تین سال ہمارے گزر گئے۔ ایک سال ہم لوگوں نے جو کچھ کیا' اپنا time برباد کیا۔ دوسرے سال ہم لوگوں میں sense آ گیا اور بہتر ہو گئے۔ سمجھنے لگے چیزوں کو۔ اللہ کرے کہ ہم آئندہ بھی سینیٹ کو اسی طرح چلائیں۔ میں کہتا ہوں کہ آپ کی تعریف کرنے سے کیا فائدہ؟ اگر اپوزیشن آپ کی تعریف چاہتی ہے تو کیوں نہ ہم سب مل کر آپ کو unanimous طریقے سے select کر لیں۔

Mr.Chairman, thank you very much.

Mr. Chairman: Thank you, Ahmed Ali Sahib.

آغا صاحب! آپ نے کچھ بولنا ہے؟

سینیٹر کامل علی آغا، جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں ہمارے ساتھیوں کی جدائی بڑی محسوس ہو رہی ہے۔ ان کا پچھلے تین سال میں ہمارے ساتھ جتنا اچھا تعلق بنا' میں سمجھتا تھا کہ بہت سارے لوگ واپس آ جائیں گے لیکن 29 لوگ کسی وجہ سے واپس نہیں آ سکے اور وہ ریٹائر ہو گئے ہیں۔ بہرحال یہ جو تین سال کا تعلق ہے یہ الحمد للہ سارے دوستوں کے ساتھ ایک اچھا تعلق بنا اور خاص طور میں یہ سمجھتا ہوں کہ میرے ساتھ تمام دوستوں کا تعاون بہت اچھا رہا' اپوزیشن اور ہمارے اپنے benches کی طرف سے بھی ہمیشہ تعاون' پیار اور محبت ملی۔ میں بوجھل دل کے ساتھ یہ کہہ رہا ہوں کہ ہمیں زیادہ خوشی ہوتی کہ وہ تمام دوست واپس آتے اور ہم ان کے ساتھ مزید تین' چھ سال گزارتے اور ان کے تجربات و صلاحیت سے فائدہ اٹھاتے۔ میں

کس کا نام لوں اتنے سارے دوستوں نے participate کیا اور بڑا اچھا participate کیا' خاص طور پر آپ کی سرپرستی میں اور آپ نے اس ہاؤس میں اتنی اچھی debates کروائیں' legislation ہوئی اور دیگر امور پر باتیں ہوئیں۔ آپ نے issues پر maximum بات کروائی' میں سمجھتا ہوں جتنی اچھی گفتگو ہمارے ساتھیوں نے کی وہ قابل ستائش رہی اور انشاء اللہ ہم نئے آنے والوں سے بھی امید کرتے ہیں کہ وہ اس کو آگے بڑھائیں گے اور آئندہ آنے والے سالوں میں سینیٹ کی کارکردگی زیادہ بہتر ہو گی اور نئے آنے والے لوگ عوامی معاملات' عوامی مسائل اور سیاسی مسائل میں فعال کردار ادا کر سکیں گے۔ میرا بڑا دل کر رہا ہے کہ میں بہت سے دوستوں کا نام لوں' ڈاکٹر ساتکزئی صاحب نے آج بھی شعر پڑھے' وہ خود بھی شاعر اور بہت خوبصورت کلام لکھتے ہیں' دوسرے دوستوں میں خواجہ صاحب تشریف فرما ہیں' ان کی بڑی خدمات ہیں۔ بہرحال میں سمجھتا ہوں کہ ان کا جو سیاست میں تعلق اور role ہے وہ پاکستان کی سلامتی اور سربلندی کے لئے جاری رہے گا' میں امید کرتا ہوں کہ یہ پہلے سے زیادہ بہتر role ادا کریں گے۔ میں اس شعر سے بات ختم کرتا ہوں کہ

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں۔

بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین، شکریہ آغا صاحب۔ جی بنگزئی صاحب! آپ بولنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر لیاقت علی بنگزئی، شکریہ جناب چیئرمین۔ بچھڑے ہوئے ساتھیوں کے بچھڑنے کا دلی طور پر افسوس' دکھ اور غم ہے مگر آرزو یہ ہے کہ پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ۔ ہمارے جو 29 دوست آج ہم سے بچھڑ رہے ہیں' ریٹائر ہونے ہیں' وہ retire ہونے لیکن retire نہیں ہوں گے' وہ مزید استقامت' مستقدی کے ساتھ اور چاق و چوبند ہو کر قوم اور ملک کی خدمت کو زیادہ اہمیت دیں گے۔

جناب چیئرمین! پہلی تقریر سے لے کر آخری تقریر تک جس بات کو میں نے شدت سے نوٹ کیا اور جسے میں نے محسوس کیا اور جو کہ میرے اپنے دل کی آواز تھی وہ یہ کہ یہاں

جناب چیئرمین! پہلی تقریر سے لے کر آخری تقریر تک جس بات کو میں نے شدت سے نوٹ کیا اور جسے میں نے محسوس کیا اور جو کہ میرے اپنے دل کی آواز تھی وہ یہ کہ یہاں جس قدر دکھ اور افسوس کا جناب فرحت اللہ بابر صاحب کے حوالے سے اظہار کیا گیا۔ آپ یقین کیجئے کہ مجھے وہ الفاظ ہی نہیں مل رہے جو میں ان کی خدمت میں پیش کر سکوں۔ انہوں نے یقیناً ایک سنجیدہ، بردبار اور اپنے پیشے اور سیاست کے حوالے سے یہاں جو بھی خدمات انجام دیں، میں انہیں خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔ ان کے حوالے سے ہمارے جتنے بھی دوستوں نے بات کی، وہ اس بات کی غماز ہے کہ بات میں وزن ہو، جملے مختصر ہوں، لہجہ دھیما ہو تو وہ ایک بہترین سیاست دان اور مقرر ہو سکتا ہے اور یہی چیز ہمارے فرحت اللہ بابر کو سب سے زیادہ ممتاز اور منفرد کرتی ہے۔ اونچی آواز میں بولنے، چیخ چیخ کر بات کرنے کی بجائے میرے خیال میں اگر بات میں وزن ہو، دلیل ہو تو وہ اس سے بہتر ہے۔ مجھے خوشی ہو گی کہ ہمارے موجودہ سینیٹر حضرات جن میں میں خود بھی شامل ہوں اور جو آنے والے سینیٹر حضرات ہوں گے، ہم سب مل کر جناب فرحت اللہ بابر صاحب کے نقش قدم کو follow کریں۔ انہوں نے یقیناً اپنے تین سالہ مختصر سے دور میں ایک تاریخ مرتب کی ہے۔

جناب چیئرمین! مجھے ان کی تقریریں سن کر اتنا لطف آتا تھا کہ میں اکثر ان کی باتوں کو نوٹ بھی کرتا رہتا تھا اور ایک دن میں نے ان سے یہ کہا کہ بابر صاحب! اگر طبیعت پر گراں نہ گزرے تو مجھے اپنی شاگردی میں قبول کرلیں اور یہ ان کی اعلیٰ ظرفی تھی کہ بعد میں انہوں نے میری کچھ رہنمائی بھی کی۔ وہ home work کے زیادہ قائل تھے، وہ آنے سے پہلے کسی بھی موضوع پر کافی مواد جمع کر کے آتے اور اس موضوع کو a to z بڑے خوبصورت انداز میں پیش کرتے۔ اگرچہ ہمارے دوسرے retire ہونے والے اراکین سینیٹ کی خدمات بھی کسی حوالے سے کم نہیں ہیں، ہر ایک نے اپنی استعداد اور صلاحیتوں کا بخوبی استعمال کیا اور بطریق احسن اپنے کردار کو نبھایا۔ اس پورے دورانیے میں جس دوسری شخصیت کی سب سے زیادہ تعریف کی گئی،

عقلمند را اشارہ کافی است

میں ان کا نام نہیں لوں گا شاید یہ منہ پر تعریف ہو۔ تو جناب چیئرمین! آپ نے دیکھا کہ لوگ ان

دونوں کو کردار کے حوالے سے یاد کررہے ہیں۔ اگر فرحت اللہ بابر صاحب یہاں ہوتے تو میں ان کا نام بھی نہ لیتا' اشاروں کنایوں میں بتاتا لیکن دوسری شخصیت چونکہ یہاں موجود ہے اس لیے میں ان کا نام نہیں لوں گا۔ اس سے یہ بات عیاں ہوئی کہ لوگ کردار کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں' گفتار کو کم۔ البتہ میں اپنی بہن پری گل آغا جو یہاں موجود ہیں' ان کی تعریف ضرور کروں گا۔ وہ اس لیے کہ انہوں نے حزب اقتدار میں رہتے ہوئے خوبصورت انداز سے' سادہ پیرائے میں اور جس خلوص کے ساتھ اپنے صوبے کی ترجمانی کی' میں سمجھتا ہوں کہ ان کی خدمات کا اعتراف نہ کرنا یقیناً بڑا ظلم ہو گا۔ اتفاق کی بات ہے کہ وہ یہاں موجود ہیں اور انشاء اللہ مزید چھ سال رہیں گی اور اپنے کردار کو اسی طرح نبھاتی رہیں گی لیکن جناب چیئرمین! مجھے خوشی ہو گی کہ ہمارے اراکین' جو آنے والے ہیں' جو رہنے والے اراکین ہیں وہ اس نظریے کو جس نظریے کے تحت ہم نے یہ ملک لا الہ الا اللہ کی بنیاد پر حاصل کیا' مجھے یقین ہے اور میں امید بھی رکھتا ہوں اور امید رکھنی بھی چاہیے کہ وہ مستقبل میں اس مقصد کو بھی اپنے پیش نظر رکھیں گے۔ یہ day by day issues آتے رہیں گے۔ ہر روز اک نیا issue ہوگا لیکن جو ہمارا مقصد' جو ہمارا ہدف' جو ہمارا target ہے' جو ہمارا نصب العین ہے' جیسے کہ ہمارے ہدایت اللہ شاہ صاحب نے فرمایا کہ خدا کی زمین پر خدا کا نظام۔ میں انہی الفاظ کے ساتھ اپنے جانے والے دوستوں کو' ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کروں گا اور ان کے لیے میری یہ دعا بھی ہے کہ وہ پیوستہ رہیں شجر سے' بہار کی امید رکھیں۔ سیاسی زندگی ایک مسلسل جدوجہد کا نام ہے۔ ایک ایسا عمل ہے جو مہد سے لحد تک جاری رہتا ہے۔ معاشرے میں خواہ کسی بھی حوالے سے ہمارا کردار ہو' اسی کردار میں رہتے ہوئے ہم اپنے دین اور اپنی ملت کی خدمت کو بجا لاتے رہیں اور اسی کے ساتھ میں آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جناب چیئرمین! کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا۔ السلام وعلیکم۔

جناب چیئرمین، شکریہ۔ رضا ربانی صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی، جناب چیئرمین صاحب!

This is indeed a very difficult moment for me because in all of my student and political life I found that perhaps the most difficult moments

to speak on or at, for me at least, is a time when one has to say "farewell" but sir, today marks the beginning of the end.

Today one process of the democratic cycle comes to a close and another process of the democratic cycle goes into rotation and as that cycle goes into rotation, it is unfortunate that we have to say that that cycle has been marred by the use of state force and opression and that entire political process of elections has been scrapped by the vicious practice of horse trading that has taken place in most of provinces but particularly in the province of Pukhtoonkhwah but having said that sir, it is with the heavy heart indeed that we have to say farewell to those Senators across the board who are today leaving us and will not be present in the sitting on the 12th of this month but that is the way the political process moves forward.

At this stage, Mr. Chairman, I would just like to say that a lot has been said about Senator Farhatullah Babar but I think I would just like to say that in his fall Babar has arisen. I would also, at this stage, like to commend the role that has been played by Mr. Aslam Bluedi and Mr. Amanullah Kanrani. They both have played a role in representing their province in perhaps one of the most turbulent periods of the history that the Province of Balochistan has faced. And I can realise from them that going inside this House also, at times was not easy for them and that it was tough but I must salute their courage and fortitude with which they stood by their principles and they went on to represent their people. When I talk of these two senators, I think, I would be failing very much in

my duty Mr. Chairman, if I did not mention the steadfast and ideological approach that has been followed by Senator Raza Muhammad Raza who would continue to be indeed a source of great inspiration and great knowledge to this House in the next three years of his tenure. But while I pay tribute to these old stalwarts, if I may use the term "old" for them and for myself, I think the Senate on the other hand from the 12th of March is going to be enriched with some seasoned and old parliamentarians. And when I talk about seasoned and old parliamentarians, I can remember that from these very front benches, there was yet another stalwart from Balochistan who would lead of the charge of the Opposition and who would lend strength and weight to the debates of this House and that is in the shape of Mr. Mandokhail. Mr. Mandokhail would be joining us on the 12th of March and I am sure that this House will benefit from his political acumen and from his wisdom and from his foresight. I am also sure that Mr. Malik and Mr. Bugti in these difficult times which confront the Federation and in particular by the Province of Balochistan, would make a meaningful contribution to the entire process.

Mr. Chairman, having said this, I think we have to look at the performance of this House in two aspects. And when we look at the performance of this House in two aspects; one is how the House performed politically and the other aspect is of course, the human relations aspect. As far as human relations are concerned, I think across the political divide, the relationship amongst the Senators has been very cordial. We have functioned and worked as a House. We have respected

is perhaps for the Guinness Book of Records that the longest protest of desks thumping by the combined Opposition which stretched over eight and an half hours continuously was performed on the floor of this House.

(Desk Thumping)

I think another protest which knows no parallel, in the annals of political history throughout the world, in the annals of Parliamentary history throughout the world, was the one and a half year continuous struggle of desks thumping and jamming the proceedings of the House by the combined Opposition in the battle against the infamous 17th Constitutional Amendment. I think, these are the credits of this House because it is a vibrant House, it is a House in which the Opposition played their due role and I am sure that in the days to come, the Opposition will continue to play their due role and will continue to voice vociferously. The feeling of deprivation that smaller federating units have, the feeling that they are not equal partners in the Federation of Pakistan, I am sure, Mr. Chairman, sir, that the new Opposition that will come into play and that my successor who would take office as a Leader of the Opposition will continue to voice the deep concerns of the people of Pakistan. It was rightly mentioned by Senator Bilour that there is a stock today that the crisis of sugar and the crisis of petroleum prices have been referred to the NAB, I am sure that the Opposition that is to come, will continue to voice this demand that it is the matter in redoubts to the sugar crisis has been referred to the NAB for investigation then Mr.

will continue to voice this demand that it is the matter in redoubts to the sugar crisis has been referred to the NAB for investigation then Mr. Chairman, it would be only proper and it will be only in the fitness of things that if those Ministers in the Federal Cabinet who have shares or who are affiliated with the Sugar Mills or with the Sugar Mills Associations , they should tender their resignations while the investigation is taking place.

I am sure, Mr. Chairman, that in the days ahead the question of Balochistan and the Army Operation in Balochistan is going to haunt this House. I am sure that in the days to come and I hope that in the days to come sanity will prevail upon the Government through the counsel of the Senate and that Caesar will see like and will open a dialogue with the political leadership of Balochistan because Balochistan is a political issue. The people of Balochistan feel that they are being deprived, the people of smaller federating units feel that they are being deprived and they have a justification in saying that because five years have gone by Mr. Chairman, and no consensus has been achieved on the NFC Award, and therefore, the solution to Balochistan lies not through the barrel of the gun as the solution to Balochistan lies round the negotiating table that is what history has taught us and we must learn from history if we are a prudent nation otherwise Mr. Chairman, I am forced and I am constraint to borrow from Shakespeare that beware of the ides of March and we have entered the month of March.

Mr. Chairman, at this stage I would also like to appreciate the

work that has been done by the various committees and I would also like to appreciate in particular the work that has been done by the Committee on Human Rights that the work that has been done by the Committee on Foreign Affairs and I would like to congratulate the members and the Chairmen of these two committees. Mr. Chairman, as I relinquish from tomorrow the office of the Leader of the Opposition, I would at this stage like to once again thank all the political parties who were or who are members of democratic alliance for having nominated me. Mr. Wasim Sajjad is an experienced politician and parliamentarian, perhaps his record would be difficult for you to beat as well of 12 years continuously as Chairman of this House. I think I am most grateful to him for his cooperation and understanding throughout the three years but particularly for that one and a half year when I was the Leader of the Opposition. Mr. Chairman, in final conclusion I would like to make one observation and that observation is that I hope that the new term that begins now we will be able to have learnt from some of the mistaks or if the treasury feels that mistake is a half word when from some reactions that we did if we were to amend them. I think that in the new term it will be in the fitness of things, if we were to return back to the tradition of this House and that tradition Mr. Chairman, was that no matter how great the acrimony between the treasury and the Opposition benches on the question of committees, the Opposition was given their due share in terms of their strength. So, I hope that in the new term that we begin, amendments to this effect are made and that the chairmanships of the

committees in accordance with the traditions of this great House are made in commensuration with the strength of the Opposition as well and Mr. Chairman, I also most sincerely hope that my successor does not have to wait for over two years to be nominated. I think it is the right of the Opposition to have their leader nominated, the moment the request is with you and I hope that this departure from past would also take place in the new term. I also hope Mr. Chairman, that we will not repeat and I think that we have already got an assurance to that effect perhaps from the Secretary General that we will not repeat the fact that this House remained without the Deputy Chairman for almost a year and a half. These are some of the pit falls which if we avoid can make the Senate a more democratic, a more viable institution and finally Mr. Chairman, in conclusion, I must thank you and I must thank you on a number of accounts. I must thank for your support, for your cooperation and humane feelings whenever I was agrieved, I say that without any qualms, you were always there and as has been said that you would be contesting for the chairmanship of the Senate regardless of the fact that the Opposition puts up a candidate that is a part of the democratic process, regardless of that we feel that you have been fair and just I would, at this stage, like to, once again thank all the political parties who are members of the Democratic Alliance for having nominated me and for having given me their trust and support in nominating me at that stage for the Leader of the Opposition. I would be failing in my duty if I did not appreciate and if I did not thank the MMA for the support that they lent to me once I became the Leader of the

Opposition and it was also my endeavour to take the combined Opposition together for which I strived, for which I tried. But I leave the judgement of how successful I was in my mission of carrying a combined Opposition for time and history to judge.

I would like to thank Mr. Chairman, at this stage all the staff members, starting from the *naib qasid* right upto the Secretary Senate, for the support and cooperation and for the neutrality that they have maintained during this period of three years and I can say this with a great deal of confidence that had it not been for their efforts, had it not been for their prudent handling of situations perhaps, many an ugly scenes could have been witnessed in the Senate as well. So, therefore sir, to that staff which goes unsung, to the boys in the back room who are not seen, I offer felicitations, my thanks and I would also salute and commend their efforts.

At this stage Mr. Chairman, I would also, through you, like to thank the electronic as well as the print media, I know a lot of politicians in Opposition and in the Government have a lot of complaints, at times, from the media but I am perhaps one of those fortunate ones, who have never had this opportunity. I am grateful to them for their cooperation and grateful to them for their support and I am grateful to them for having guided me at times when I may have been going astray.

Mr. Chairman, I would be failing if I did not at this stage mention the chief whip of the government part, Mr. Kamil Ali Agha, for his cooperation in understanding the point of view of the government and I

think that Mr. Kamil Ali Agha played a very sobering influence particularly, and I say this in a lighter vein particularly when these front rows were occupied by two special ministers who made every effort to pollute and create a disturbance in the atmosphere of the House, but I think his sobering influence brought the ship on a steady keel.

I would also take this opportunity Mr. Chairman, to express my gratitude and thanks to my colleague who unfortunately today is not present but sits across the aisle, Mr. Wasim Sajjad. Mr. Wasim Sajjad is an experienced politician and parliamentarian. You have been fair and just. At times if I may be allowed to say, there was an excess of killing motions in the Chamber, then when we spoke to you on that account that was remedied. In final conclusion, sir, I, on behalf of the combined Opposition would like to thank you for running the House in a just and fair manner. Thank you, sir.

Mr. Chairman: Thank you Raza sahib.

سینیٹر آغا پری گل ۔ جناب چیئرمین! میں معافی چاہتی ہوں کیونکہ میں پریس اور الیکٹرانک میڈیا والوں کا نام بھول گئی اس لئے میں کہتی ہوں کہ ان کو بھی appreciate کرنا چاہیے۔ میں ان سے sorry کہتی ہوں۔ پہلے میں کچھ جذباتی سی ہو گئی تھی انہوں نے بھی تین سال ہماری بہت خدمت کی ہے۔ میں تمام سینیٹ کی طرف سے ان کا بھی شکریہ ادا کرتی ہوں۔

Mr. Chairman: It has been a very momentous day and I think a trend setting day also. I thank all my colleagues for their kind words but more than me whatever good has happened here is entirely to their credit and to the credit of the Senate staff.

Institutions comprise of people and systems. The systems are made also by people. So, the responsibility for ensuring smooth working, working that has decorum, fairness, balance, tolerance, tints, emanates from each of us and *Insha Allah* whoever God knows sits in different positions here, I am sure that the trend is there, it will *Insha Allah* continue to improve upon.

Life is a learning gulf. I am glad things whatever it is, which were not so before but everything is a learning gulf and each of us has to contribute those *Insha Allah* first who are continuing will have to take a responsibility on themselves also of self-policing, self-contribution, setting high standard of each individual which will collectively reflect on this august House. The responsibility of the Chair is to facilitate but it is not sole responsibility of the Chair to ensure everything because again and again I say in this House every member has history, has standing, therefore, they also have to share that responsibility.

There were good working relationship. I am hoping and praying that *Insha Allah* it will continue and I am confident, it will continue because the trends, the thresholds have been clearly indicated and established. Many other people are same, so one is more confident and hopeful that there will be further interaction, better working relationship and more proactive working for the best of the nation and its people.

I thank you all for the support that I have received which is tremendous. I thank the Senate staff for the support I have received from them which again is no less. We thank the Press for their dedication,

devotion and for bearing with us for the late sittings. They are the ones who communicate what happens here to the country. I think they have done admirable job and we will continue to rely on them by compliments to them also.

As I said, it is a momentous day, may God Almighty bless us all. Thank you all and the House stands adjourned to meet again on Sunday, the 12th of March at 10 a.m. May God Almighty bless us all. Pakistan *Paindabad.*

[The House was then adjourned to meet again on Sunday, the 12th of March at 10 a.m.]